روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات

روحانی بزرگ سے سوال و جواب

سحر سفلی مدفونہ کا روحانی علاج

darulamal.org/magaz ines/ruhani khazinaeruhaniyat khazinaruhany

روحانی درسگاہ کی طرف سے نورانی اعمال پر

10% خصوصی رعایت برائے جون 2023

ایک خاص عمل جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بڑی بڑی جماعتیں چلتی ہیں اور عامل کی بھرپور مدد کرتی ہیں۔ ایسے عاملین کی زیادہ مدد کرتے ہیں، جو مدارس سے منسلک ہوں یا دین کے لئے کام کرتے ہوں۔

ہر قسم کے جنات، جادو، آفات و بلیات سے نجات۔ حُب و بُغض کے معاملات۔ رزق میں کشادگی۔ الغرض ہر قسم کی دُنیاوی حاجات کے لیے اکسیر عمل ہے۔

اس سورۃ کا خاص اثر یہ ہے کہ اس کی برکت اور تاثیر سے روحانی معالج و عامل کے دیگر تمام اعمال میں زبردست طاقت، قوت، مضبوطی اور تیزی پیدا ہو جاتی ہے۔

سورہ قریش کا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص مقام ہے۔ یہ ایک کثیر الفوائد سورت ہے اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ بفضلِ تعالیٰ، بہت تیز اثر کرنے والی سورت ہے۔

سورۃ الرحمٰن کا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص مقام ہے۔ خاص کر جنات کے معاملے میں یہ سورت بہت اہمیت کی حامل ہے۔ سورۃ رحمٰن میں جنات کے لیے بہت کشش ہے۔

سورت جن کے عمل کا شمار عملیات میں بڑے اعمال میں کیا جاتا ہے۔ اس عمل کو "ننگی تلوار" کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ جنات کے مریضوں کے علاج میں ماہر "عاملِ جنات" عموماً اس عمل کے عامل ہوتے ہیں۔

ہر طرح کے جادو سے نجات کے لیے قرآنِ کریم کی خاص آیات جو قدیم زمانے سے عاملین اور کاملین جادو کے علاج میں استعمال کرتے آ رہے ہیں۔

آیت الکرسی کا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص مقام ہے۔ خاص کر جنات، شیاطین کے معاملے میں آیت لکرسی بہت اہمیت کی حامل ہے۔

یا قھار اللہ پاک کے صفاتی ناموں میں سے جلالی صفات کا مظہر ہے۔ ہر قسم کے بڑے بڑے شیاطین، جنات، انسان جادوگر کانپتے اور ڈرتے ہیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35420586
ruhanidarsgah | ruhanidarsgah97 | ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah | ruhanidarsgah@gmail.com

اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

ذیقعد، ذی الحج ۱۴۴۴ھ
جون 2023ء
جلد نمبر 14
شمارہ نمبر 2

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

قیمت 100 روپے

مجلس مشاورت

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

سالانہ ممبرشپ بذریعہ پاکستان پوسٹ

عام ڈاک: 1000 روپے — رجسٹرڈ ڈاک: 1400 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27/28/29 تاریخ کو رسالہ ارسال کیا جاتا ہے۔

سالانہ ممبرشپ بذریعہ کوریئر TCS

لاہور کیلئے: 1730 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 2220 روپے

لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 3000 روپے

سالانہ ممبرشپ بذریعہ ای میل/واٹس ایپ

ای میل: 700 روپے — واٹس ایپ: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی پہلی/دوسری تاریخ کو رسالہ Whatsapp/Email کیا جاتا ہے۔

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat — khazinaruhanyat

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht — darulamalchishtia
0322-7772772 — 0343-7772772
0312-7772772 — 0306-7772772(ufone)
042-35410586 — 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

روحانی درگاہ 0333-7772775 0309-7772775	مکتبۃ العارف 0332-4487877 0323-4487877	مطب العارف 0320-5410586 042-35410586
روحانی علاج گاہ 0324-7772772 0342-7772772	ایم این بک سٹور 0309-7772770 0316-7779370	الٹرنیٹو میڈیسن سٹور 0309-7772778 0349-7772778
روحانی دکان 0334-4312272 0320-4312272	عارفی پرفیومز 0309-7772776 0346-7772776	فلاحی مرکز 0312-7772772 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

ادارہ دارالعمل چشتیہ کا آفیشل فیس بک https://bit.ly/3DZfi05

اہم گذارش

تمام قارئین، شاگرد وممبران، احباب، لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ وعاملین سے درخواست ہے کہ ماہنامہ خزینہ روحانیات کیلئے اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ عملیات، مجرب تعویذات ونقوش، اہم انکشافات، انمول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید ادارے کو جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ اپنا تجربہ دوسروں تک پہنچائیں اور دکھی انسانیت کی خدمت کریں۔ یہ مضامین آپ کے نام سے شائع کیے جائیں گے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں گے۔ (ادارہ)

خط وکتابت کا پتہ: 586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور رابطہ: 0322-4773786

حمد باری تعالیٰ

مفتی محمد عارف باللہ القاسمی

وہ جو عالم کا ہے مدبر، مالک ہے اور خالق ہے
رزق اسی سے مانگیں ہم کہ وہ ہی اکیلا رازق ہے
اس کی عبادت، ذکر بھی اس کا کرتا ہوں میں صبح وشام
کرکے بھروسہ اس پر خوش ہوں کیونکہ وہ تو قادر ہے
اس کی مرضی، اس کی مشیت کے تابع تو سب کچھ ہے
اس کے درکا سائل ہوں میں، وہ ہی اکیلا ناصر ہے
اس کی شان کا کیا کہنا کہ اول وہ ہی آخر وہ
اس کی ذات معید ومبدی، وہ تو بدیع و ماجد ہے
عزت و ذلت دیتا ہے وہ، اس کی ذات جلیل و کبیر
وہ ہے حسیب و بصیر و سمیع اور وہ ہی حمید و واحد ہے
خود تو اس کی ذات غنی ہے پر اس سے نہ کوئی غنی
نافع وہ ہی ضار وہی ہے، وہ ہی وکیل و رافع ہے
خوف ہو دشمن سے کیونکر کہ رب ہے میرا حفیظ و رقیب
وہ ہے غالب حکمت والا، وہ ہی عظیم و واسع ہے
ارض و سماں ہیں قائم اس سے، وہ قیوم اکیلا ہے
اس کی ذات قوی و والی وہ ہی اکیلا حاکم ہے
راضی ہوں تقدیر پہ اپنے وہ ہے عدل و مقسط ذات
وہ وہاب و علیم و مغنی، وہ ہی قابض و باسط ہے
مثل نہ اس کا کوئی کہیں بھی، کوئی نہ اس کا ہمسر ہے
اس کی ذات علی و صمد ہے، وہ ہی ظاہر و باطن ہے
آس ہے مجھ کو اس کے کرم کی گرچہ میں تو عاصی ہوں
وہ غفار و رحیم و رحماں، وہ ہی لطیف و ہادی ہے
عارف اس کی یاد سے اپنے دل کو تم آباد کرو
وہ قدوس و سلام و مؤمن، سب فانی وہ باقی ہے

نعت رسول مقبول ﷺ

رفیع الدین ذکی قریشی اشرفی

جسے آقا ﷺ نے بُلوایا ہمیشہ
مدینے میں وہی آیا ہمیشہ
عرب کی دھوپ میں بھی مصطفےٰ ﷺ نے
کیا تھا مرحمت سایہ ہمیشہ
نبی ﷺ کے روضۂ پُر نور ہی نے
مری آنکھوں کو چمکایا ہمیشہ
مدینے کی حسیں یادوں نے میرا
دلِ مضطر ہے بہلایا ہمیشہ
نبی ﷺ کی یادِ نور افشاں نے میرا
دلِ تاریک چمکایا ہمیشہ
ہُوا جب بھی ہُوں بیکل تو نبی ﷺ نے
مجھے در پر ہے بُلوایا ہمیشہ
نبی ﷺ کی یادِ عصیاں کاریوں نے
مرے دل کو ہے تڑپایا ہمیشہ
فراقِ طیبہ نے جب جب ستایا
پیامِ حاضری آیا ہمیشہ
ذکیؔ! تاریک دل یادِ نبی ﷺ نے
مرا پُر نور فرمایا ہمیشہ

اہم اعلان

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کی نئی ممبر شپ جولائی 2023 سے اپریل 2024 تک جاری کی جائے گی۔ جس کی رقم عام ڈاک سے 880 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 1140 روپے اور TCS ممبر شپ کیلئے صفحہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں۔ ☆ عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہو گا۔

رابطہ: 0322-4773786

جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کی فیس جمع کروائیں۔ نوٹ فرمالیں۔

رابطہ: 0322-4773786

مولانا علی آفاق
مدیر ماہنامہ خزینہ روحانیات

درست تدبیر کیا کی جائے؟

محترم قارئین! السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ آج 2023ء کے سن کا آدھا بھی دیکھتے دیکھتے پر لگا کر اُڑ گیا ہے۔ اور ہم ابھی تک خواب غفلت کا شکار نظر آ رہے ہیں۔ جو احباب، افراد سائلین، قارئین صرف وظائف، ٹوٹکے، مضامین اور دیگر دلچسپی کی چیزوں کے متلاشی ہیں وہ وظائف پڑھ کر، تعویذات منگوا کر، بنا کر، خاص اعمال اور فری/مفت اعمال پڑھ کر ریاضت و چلہ کشی کر کے دل کو اطمینان دے کر، بعض اصراف عام اور دیگر علمی مباحث پر گفتگو کر کے اپنے مسائل سے نظریں چرا کر یہ سوچتے ہیں کہ شاید نہیں یقیناً ہماری پریشانی، دکھ، غم، کرب، بے اولادی، بے روزگاری، ناچاقی، مصائب، طلاق کے خطرات اور بیرون ملک مشکلات سہ کر، بہن، بیٹیوں کی شادی کے ایک عرصے سے منتظر ہیں۔ مگر اس کے لیے درست تدبیر، مناسب اور سمجھ داری والا رویہ اختیار کرنے سے نا صرف آنکھیں بند کر کے، سو کر یا پھر دل کو مطمئن کرنے کے جھوٹے لارے کے ذریعے اپنی زندگی کے قیمتی لمحات ضائع کر رہے ہوں۔ تو ہم سے بے وقوف، کم عقل اور حقیقی معنوں میں کم قسمت کوئی نہیں۔ اب سائلین، مریض اور دیگر احباب پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ ہم کیا کریں؟ ہر آستانہ، ہر پیر، فقیر، بابا، عامل اور ادارہ چھان مارا ہے۔ اس سے زیادہ کیا کر سکتے ہیں؟ کوئی بھی ہمارے معیار پر پورا نہیں اترا۔ کوئی مسئلہ اور پریشانی، مستقل دائمی بنیادوں پر حل ہونے کے لیے تیار نہیں ہوتا۔ لاکھوں روپیہ پانی کی مانند بہا کر دیکھ لیا مگر کہیں سے آرام نہیں ملا۔ تو ان احباب، مریضوں اور سائلین کے لیے عرض اور درخواست یہ ہے کہ چند کام مستقل بنیادوں پر کر کے ہم درست سمت اور منزل مقصود تک پہنچنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

۱۔ دعا کرنا۔

۲۔ استخارہ کرنا۔

۳۔ ادارے سے ایسا علاج، حصار، حفاظت، تحفظ، دفاع حاصل کرنا، کہ اس کے بعد کوئی ماں کا لعل آپ اور آپ کے گھرانے کی طرف میلی نگاہ سے دیکھنے کی جرأت نہ کر سکے۔

۴۔ ان اعمال کو ہمیشہ کے لیے ملکیت میں لے کر دائمی طور پر سکھ کا سانس لے سکیں۔

۵۔ دشمن آئندہ ساری کوشش کے بعد ناکامی کا منہ دیکھے اور بربادی اور جادو کی واپسی کی وجہ سے تباہی آنکھوں سے ملاحظہ کرے تو آیئے ادارہ یہ سب کچھ سکھا رہا ہے۔

تصوف کے سلاسل اور اُن کی بانی شخصیات

رضا مطلوب صاحب

اولیائے امت کے چند سلاسل تصوف کے نام ملاحظہ ہوں:

1. سلسلہ عیاضیہ: منسوب بہ حضرت شیخ فضیل ابن عیاض رحمۃ اللہ علیہ۔
2. سلسلہ ابرہیمیہ: منسوب بہ حضرت شیخ ابراہیم ادھم رحمۃ اللہ علیہ۔
3. سلسلہ عجمیہ: منسوب بہ حضرت شیخ حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ۔
4. سلسلہ طیفوریہ: منسوب بہ حضرت شیخ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ۔
5. سلسلہ کرخیہ: منسوب بہ حضرت شیخ معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ۔
6. سلسلہ سقطیہ: منسوب بہ حضرت شیخ سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ۔
7. سلسلہ جنیدیہ: منسوب بہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ۔
8. سلسلہ چشتیہ: منسوب بہ حضرت شیخ ابو اسحاق چشتی شامی رحمۃ اللہ علیہ (کچھ بزرگان دین اس سلسلہ کو حضرت شیخ عثمان ہرونی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب کرتے ہیں)۔
9. سلسلہ سہروردیہ: منسوب بہ حضرت شیخ ضیاء الدین ابو نجیب سہروردی رحمۃ اللہ علیہ۔
10. سلسلہ قادریہ: منسوب بہ حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔
11. سلسلہ نوریہ: منسوب بہ حضرت شیخ ابو الحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ۔
12. سلسلہ شاذلیہ: منسوب بہ حضرت شیخ ابو الحسن علی بم عبد اللہ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ۔
13. سلسلہ صابریہ منسوب بہ حضرت شیخ علاؤ الدین صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ (بابا فرید شکر گنج فرید الدین مسعود رحمۃ اللہ علیہ کے بھانجے)۔
14. سلسلہ رفاعیہ: منسوب بہ حضرت شیخ سید احمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ۔
15. سلسلہ نظامیہ: منسوب بہ حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ۔
16. سلسلہ اشرفیہ: منسوب بہ حضرت شیخ مخدوم اشرف جہانگیر سمنانی رحمۃ اللہ علیہ۔
17. سلسلہ نقشبندیہ: منسوب بہ حضرت شیخ بہاء الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ۔
18. سلسلہ برکاتیہ: منسوب بہ حضرت شیخ برکت اللہ مارہروی رحمۃ اللہ علیہ۔
19. سلسلہ مداریہ: منسوب بہ حضرت شیخ شاہ بدیع الدین قطب مدار رحمۃ اللہ علیہ۔
20. سلسلہ شطاریہ: منسوب بہ حضرت شیخ عبد اللہ شطاری (بابا بلھے شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ)۔
21. سلسلہ مجددیہ: منسوب بہ حضرت شیخ مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ۔
22. سلسلہ رشیدیہ: منسوب بہ حضرت شیخ دیوان عبد الرشید جون پوری رحمۃ اللہ علیہ۔
23. سلسلہ قلندریہ: منسوب بہ حضرت شیخ شاہ بوعلی قلندر پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ۔
24. سلسلہ نقیبیہ: منسوب بہ حضرت خواجہ خواجگان فقیر صوفی محمد نقیب اللہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ، آستانہ عالیہ نقیب آباد شریف قصور پنجاب پاکستان۔

اگرچہ بعد میں بھی کچھ سلاسل بنے ہیں مگر بعد والے انہیں بڑے سلاسل کی ذیلی شاخیں ہیں۔

ان چار (4) سلاسل نے اپنی ذریں خدمات کی بناء پر بڑی شہرت اور مقبولیت حاصل کی:

1. سلسلہ قادریہ
2. سلسلہ چشتیہ
3. سلسلہ نقشبندیہ
4. سلسلہ سہروردیہ

سلسلۂ قادریہ

حضرت مولانا محمد عاصم اعظمی رحمہ اللہ

اس خاندان طریقت کے بانی محبوب سبحانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ رحمۃ الرحمان کثیرا ابدا ہیں۔

سلسلہ عالیہ قادریہ کا تعلق شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ آپ کی شان میں عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمہ ایک قصیدہ میں فرماتے ہیں:

واہ کیا مرتبہ ہے اے غوث ہے بالا تیرا
اونچے اونچے کے سروں سے قدم بالا تیرا
سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا
اولیاء ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا
تیری سرکار میں لاتا ہے رضا اس کو شفیع
جو مرا غوث ہے اور لاڈلا بیٹا تیرا

سلسلہ قادریہ کو ام السلاسل بھی کہا جاتا ہے۔ اس خانوادہ میں تقویٰ و طہارت کے علاوہ شریعت کی سختی سے پابندی ہے اور باطن کی آراستگی کے لئے ظاہر پہ بھی گہری نظر ہے۔ خود سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے نہ صرف اس کی تعلیم دی بلکہ عملی طور پہ اس روش پر سختی سے کاربند رہے کہ شریعت کے عمل سے ایک شمہ برابر کوئی تضاد ہوا تو طریقت سے اس عمل کو دور رکھا۔ یہی وجہ ہے کہ سلسلہ قادریہ کی روش بہت زیادہ محتاط ہے۔

اس سلسلہ میں شریعت کی پابندی پہ بطور خاص توجہ دی گئی ہے مگر دنیا سے کنارہ کشی، ریاضت ومجاہدہ اور تسلیم ورضا کی منزلوں سے گزرنا پڑتا ہے۔

(واضح رہے کہ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک کے پیروکار تھے۔ موجودہ دور میں سلسلہ قادریہ سے منسلک اکثریت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک کے پیروکاروں کی ہے۔)

حضرت سیدنا غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ”فتوح الغیب“ میں اس سلسلہ کی تعلیم دی ہے۔

اسی کتاب کے باب نمبر 75 میں اپنے فرزند حضرت سید سیف الدین عبدالوہاب کو وصیت فرمائی اور عارف کامل کا دستور العمل بیان فرمایا۔

فرماتے ہیں:

”میں وصیت کرتا ہوں کہ اللہ کا تقویٰ اور اطاعت اختیار کرو۔ احکام شرع کی پابندی لازم رکھو۔ سینہ کو خیانت نفس سے پاک رکھو۔ نفس میں جواں مردی رکھو۔ کشادہ رو رہو۔ جو چیز عطا کرنے کے قابل ہو، اسے عطا کرتے رہو۔ آداب دوستی نگاہ میں رکھو۔ بزرگوں کی بزرگی کی نگہداشت کرتے رہو۔ برابر والوں سے حسن معاشرت رکھو۔ چھوٹوں کو نصیحت کرتے رہو۔ اپنے رفیقوں سے جنگ نہ کرو۔ وفا کو اپنے اوپر لازم کرلو۔ ذخیرہ مال فراہم کرنے سے بچو۔

عام مسلمانوں کے لئے ہدایت فرمائی:

”مومن کے لئے ہر حال میں یہ تین (3) چیزیں لازمی ہیں۔ ایک یہ کہ حکم الٰہی پر راضی رہے۔ دوسرے یہ کہ ممنوعات سے بچتا رہے۔ تیسرے یہ کہ قضائے الٰہی پر راضی رہے۔ پس مومن کے لئے کم سے کم مرتبہ یہ ہے کہ ان تینوں چیزوں سے خالی نہ ہو۔“

(فتوح الغیب......از عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ)

کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا

جوش ملیح آبادی

اے فنا انجام انسان! کب تجھے ہوش آئے گا
تیرگی میں ٹھوکریں آخر کہاں تک کھائے گا
اس تمرّد کی روش سے بھی کبھی شرمائے گا
کیا کرے گا سامنے سے جب حجاب اُٹھ جائے گا
کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا

یہ سحر کا حُسن، یہ سیارگاں اور یہ فضا
یہ معطّر باغ، یہ سبزہ، یہ کلیاں دلربا
یہ بیاباں، یہ کھلے میدان یہ ٹھنڈی ہوا
سوچ تو کیا کیا، کیا ہے تجھ کو قدرت نے عطا
کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا

خُلد میں حوریں تری مشتاق ہیں آنکھیں اُٹھا
نیچی نظریں جن کا زیور، جن کی آرائش حیا
جن و انساں میں کسی نے بھی نہیں جن کو چھوا
جن کی باتیں عطر میں ڈوبتی ہوئی جیسے صبا
کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا

اپنے مرکز سے نہ چل منہ پھیر کر بہرِ خُدا
بھولتا ہے کوئی اپنی انتہا اور ابتدا
یاد ہے وہ دور بھی تجھ کو کہ جب تُو خاک تھا
کس نے اپنی سانس سے تجھ کو منور کر دیا
کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا

سبز گہرے رنگ کی بیلیں چڑھی ہیں جا بجا
نرم شاخیں جھومتی ہیں، رقص کرتی ہے صبا
پھل وہ شاخوں میں لگے ہیں دلفریب و خوشنما
جن کا ہر ریشہ ہے قند و شہد میں ڈُوبا ہوا
کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا

پھول میں خُوشبو بھری، جنگل کی بُوٹی میں دوا
بحر سے موتی نکالے صاف روشن، خوشنما
آگ سے شعلہ نکالا، ابر سے آبِ صفا
کیسے ہو سکتا ہے اس کی بخششوں کا حق ادا
کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا

ہر نفس طوفان ہے، ہر سانس ہے اک زلزلہ
موت کی جانب رواں ہے زندگی کا قافلہ
مضطرب ہر چیز ہے جنبش میں ہے ارض و سما
ان میں قائم ہے تو تیرے رب کے چہرے کی ضیا
کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا

صبح کے شفّاف تاروں سے برستی ہے ضیا
شام کو رنگِ شفق کرتا ہے اِک محشر بپا
چودھویں کے چاند سے بہتا ہے دریا نور کا
جھوم کر برسات میں اُٹھتی ہے متوالی گھٹا
کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا

لاحول کی برکت

قیصر احمد بی اے (کراچی)

بیان کیا گیا ہے کہ خلیفہ ہارون رشید نے ایک نصرانی کو پانچ (500) سو درہم کے مطالبہ میں قید کا حکم دیا اور ایک سوار کو اس کے ہمراہ بھیجا۔ سوار نے دیکھا راستہ میں ایک شخص گھاس کا بوجھ لئے جا رہا ہے اور اس کا بوجھ ایک طرف جھکا ہوا ہے۔ یہ دیکھ کر سوار نے اس کو سیدھا کر دیا۔ پھر وہ بوجھ دوسری جانب کو جھک گیا۔ جس کو دیکھ کر سوار نے **لا حول و لا قوۃ الا باللہ** پڑھا۔ نصرانی نے سوار کی زبان سے یہ کلمہ سن کر اُس کلمہ کی بڑی عظمت کی۔ یہ دیکھ کر سوار نے اس نصرانی سے کہا کہ جب تم اس کلمہ کی اس قدر عظمت کرتے ہو اور اس کو اتنا بابرکت سمجھتے ہو تو اللہ تعالیٰ پر ایمان کیوں نہیں لاتے؟ جس کے نام کی عظمت سے اس کلمہ کو یہ برکت حاصل ہوئی ہے۔ اس پر اس نصرانی نے جواب دیا کہ میں نے اس کلمہ کو آسمان کے فرشتوں سے سیکھا ہے۔

یہ سن کر سوار کو بہت تعجب ہوا اور سوار نے خلیفہ کی خدمت میں حاضر ہو کر تمام واقعہ بیان کیا تو خلیفہ نے نصرانی کو بلوا کر دریافت کیا: "آخر تو نے یہ کلمہ فرشتوں سے کس طرح سیکھا ہے؟" تو اس نے بتایا کہ "واقعہ یہ ہے۔ میرا ایک چچا بہت مالدار تھا اور اس کی ایک حسین و جمیل لڑکی تھی۔ میں نے اس چچازاد بہن کیلئے اپنے نکاح کا پیام دیا، جس کو میرے چچا نے منظور نہ کیا اور اس کا نکاح دوسری جگہ کر دیا۔ چنانچہ شب زفاف میں اس کے شوہر کا انتقال ہو گیا۔ میں نے پھر اس سے نکاح کی درخواست کی مگر اس نے اب بھی میری درخواست منظور نہیں کی اور دوسری جگہ اس کا نکاح کر دیا۔ اس کا وہ شوہر بھی اسی طرح جب شب زفاف میں بیوی کے پاس گیا تو مردہ پایا گیا۔ پھر تیسرے شخص سے اس کا نکاح ہوا۔ اس کے ساتھ بھی یہی واقعہ پیش آیا۔ اس کے بعد چوتھی مرتبہ میں نے پھر اپنے عقد کا پیام دیا تو مجبوراً چچا نے اس لڑکی کا عقد مجھ سے کر دیا کیوں کہ متواتر ان حادثات کے بعد کوئی دوسرا اس لڑکی سے عقد کرنے کو تیار نہ ہوا۔

آخر میں نے دیکھا کہ خلوت کے وقت شیطان ایک کوہِ گراں کی شکل میں ظاہر ہوا اور اس نے زور سے چیخ مار کر کہا تو کہاں آیا ہے۔ میں نے جواب دیا کہ میں اپنی بیوی کے پاس آیا ہوں تو وہ شیطان کہنے لگا کیا تجھے معلوم نہیں میں نے اس کے پہلے شوہروں کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ میں نے جواب دیا ہاں مجھے معلوم ہے۔ یہ سن کر وہ شیطان کہنے لگا اگر تو اس بات پر راضی ہو کہ یہ عورت رات کو میرے لئے ہو اور دن کو تیرے لئے تو بہتر ہے ورنہ میں تجھے بھی مار ڈالوں گا۔ میں نے اُس کی اس بات کو منظور کر لیا۔ اور اسی طرح پر ایک مدت گذر گئی تو ایک روز شیطان نے مجھ سے کہا کہ آج رات کو میں ملاءِ اعلیٰ کی باتیں چوری سے سننے کیلئے جاؤں گا۔ کیوں کہ آج رات کو اس کام کیلئے میری باری ہے۔ کیا تم بھی میرے ساتھ آسمان پر چلنے کو تیار ہو؟ میں نے جب اس پر اپنی رضا مندی کا اظہار کیا تو شیطان نے ایک بڑے اونٹ کی شکل اختیار کر کے مجھ سے کہا میری پشت پر مضبوطی سے سوار ہو جا۔ چنانچہ جب میں اس پر سوار ہو گیا تو وہ شیطان ہوا میں اڑنے لگا۔ اتنے میں مجھے فرشتوں کی آواز آئی کہ وہ "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ" کہہ رہے ہیں، جس کو سن کر شیطان واپس ہوا اور مُردہ کی طرح زمین پر گر پڑا اور میں بھی اس کے قریب ہی جا گرا۔ جب کچھ دیر اور اس کو ہوش آیا تو کہنے لگا کہ تم اپنی آنکھیں بند کر لو۔ میں نے اپنی آنکھیں بند کر لیں۔ اس کے بعد جب میں نے آنکھیں کھولیں تو کیا دیکھتا ہوں کہ میں اپنے گھر کے دروازہ پر موجود ہوں۔ پھر جب میں اپنی بیوی کے پاس خلوت میں گیا تو میں نے اُس سے کہا اس مکان میں جہاں کہیں کوئی سوراخ ہو یا روزن ہو، ان سب کو بند کر دو۔ اس نے ایسا ہی کیا۔ چنانچہ جب رات کو شیطان گھر میں داخل ہوا تو میں نے دروازہ بند کر دیا اور باہر سے دروازہ کی طرف منہ کر کے "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ" پڑھنا شروع کیا جو میں نے فرشتوں سے سن کر یاد کر لیا تھا۔

اتنے میں میں نے ایک سخت آواز سنی۔ پھر دوسری اور تیسری مرتبہ لاحول پڑھا تو اس کے بعد بیوی نے مجھے پکارا کہ اندر آ جاؤ۔ جب میں اندر گیا تو بیوی نے بیان کیا کہ جب تم نے پہلی مرتبہ لَا حَوْلَ (بقیہ ص 54)

لطائف العوارف
شمس المعارف
مولف حضرت الشیخ ابو العباس مولف احمد بن علی بونی رحمہ اللہ
صفحات: 1012
قیمت: 1200 روپے
روحانی عملیات وتعویذات پر مشتمل ایک ضخیم مستند اور قدیم عربی کتاب کا اردو ترجمہ جس میں خواص اسماء الحسنیٰ، اسمائے عظام، اسم اعظم، قرآن کریم کی سورتوں کے خاص اثرات، حروف کی طاقت، بروج وکواکب، منازل قمر وسیارگان، صنعت الٰہی حجر مکرم، علم اکسیر وکیمیا، حروف کے اسرار وچلہ کشی، حب وتسخیر، آسیب جادو کا توڑ اور ہر ضرورت کے تیر بہدف اعمال درج ہیں۔
☆ حروف معجمہ کے بیان میں اور ان کے عجیب اسرار کی توضیح ☆ وحی کی اقسام اور ان کی تشریح ☆ رزق کی فراخی کا عمل ☆ دشمن سے حفاظت، جنات سے بے خوف رہنے کا عمل ☆ رزق کی فراخی، چوروں قزاقوں فسادیوں سے امن میں رہنے کیلئے ☆ دشمن کو ہلاک کرنے کا عمل اور اس کی دعاء ☆ الفاظ کی روحانیت کی کیفیت کہ وہ کیا ہے؟ ☆ بارہ برجوں کے حالات اور ان کا کلمہ ☆ سعد اور نحس ساعتوں کے بیان میں ☆ فصل اضمار ملائکہ حروف کے بیان میں جن کے بغیر کوئی عمل درست نہیں آسکتا ☆ اٹھائیس منازل قمر کے احکام کے بیان میں ☆ ستاروں کی صورتیں ☆ کیا دنیا میں جو کچھ ہوتا ہے محض ستاروں ہی کی تاثیر سے ظہور میں آتا ہے ☆ بسم اللہ کے اسرار کا واقف آگ میں نہیں جل سکتا ☆ اسم اعظم بسم اللہ ہی میں ہے ☆ کسی کو بلانے کا عمل ☆ دشمن کو پامال کرنے اور شہوت کو مغلوب کرنے کا عمل ☆ شیطان، رہزن، چور اور ہر بلا سے محفوظ رہنے کا آسان عمل ☆ ظالم پر ہیبت ڈالنے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کا نہایت آسان اور مجرب طریقہ ☆ ایک سال کے اندر امیر کبیر بنا دینے والا عمل ☆ محبت کا آسان عمل ☆ فوراً بارش نازل ہو جائے ☆ آئندہ پیش ہونے والے واقعات خواب کے ذریعہ پہلے ہی معلوم ہونے لگے ☆ شیطان سے نجات اور برکت کا حصول اور دکان کے فروغ کا عمل
0332-4487877 0323-4487877 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
maktabatulaarif maktabatulaarif maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
کمالات سلیمانی
مرتبہ ابوالحامد سید ظہور احمد شاہ جہانپوری
قیمت 400 روپے
صفحات 397
ستاروں اور برجوں کی تاثیرات، ساعت سعد ونحس سنکرانت معلوم کرنے کا قاعدہ
☆ حروف تہجی ☆ دائری حروف معہ توکل ☆ محمد اور دوستی کیلئے ☆ اسماء جلالی کی شرح جو کہ اسماء ہیبت ہیں ☆ ان اسماء کا بیان جو کہ جمالی بھی ہیں اور جلالی بھی ہیں ☆ کشائش رزق کیلئے ☆ دشمن کی ہلاکت کیلئے ☆ برائے حب ☆ برائے میاں بیوی حب کیلئے ☆ برائے ہر مشکل کیلئے ☆ برائے تپ بخار کیلئے ☆ برائے تنگی رزق ☆ برائے آسانی پیدائش ☆ برائے ساقط حمل ☆ برائے مشکل آسانی کیلئے ☆ اگر کسی کو نوکری سے نکال دیا ہو ☆ اسم وہاب کا عمل ☆ عمل تکثیر ☆ برائے حفاظت مال اور اضافہ کیلئے ☆ برائے جدائی کیلئے ☆ بدخوابی اور گریہ اطفال کیلئے ☆ کسی کا دل ہٹانا ہو ☆ کیمیا ☆ فالنامہ حضرت غوث الاعظم جیلانی رحمہ اللہ ☆ اسلامی فالنامہ ☆ فالنامہ اسمائے پیغمبر علیہم السلام ☆ نقش برائے ساقط حمل ☆ دشمن کی زبان بندی ☆ برائے حب کیلئے ☆ برائے مسان ☆ برائے آسانی پیدائش ☆ اگر کسی سے قتل ہو جائے تو ☆ بغض وحسد کیلئے ☆ برائے دردزہ ☆ برائے بانجھ پن ☆ دفع آسیب
0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
مکتبۃ العارف
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
استخارہ قرآنیہ
علم مسمریزم، تھاٹ ریڈنگ اور ارواح سے بات چیت کی راہنما کتاب
مصنف: شیخ اکبر محی الدین ابن عربی
قیمت: 150 روپے
صفحات: 64
☆ فال نکالنے کا طریقہ ☆ فال نکالنے کا آسان طریقہ ☆ الجوس ☆ تعبیر رویا ☆ قرآنی حب ☆ عمل رحم ☆ عمل جدائی ☆ عمل زبان بندی ☆ عمل برائے زبان بندی دشمن ☆ چہل کاف کا عمل
تسخیرات ہمزاد
مصنف: سید ناظر حسین شاہ زنجانی
قیمت: 250 روپے
صفحات: 144
☆ ہمزاد کیا ہے؟ ☆ توضیحات ہمزاد ☆ کیا تسخیر ہمزاد گناہ ہے ☆ کشش جاذبیت ☆ اعتماد خود آگہی ☆ پر زور فکر ☆ قوت فیصلہ اور عامل ☆ عملیات کی تعریف ☆ نفس کا دھوکا ☆ ہمزاد کی حاضری ☆ ہمزاد کی دعوتیں ☆ نورانی عملیات ☆ اعمال تسخیرات ہمزاد (نورانی) ☆ اعمال تسخیرات ہمزاد (سفلی) ☆ اعمات تسخیرات ہمزاد (عمومی) ☆ اعمات تسخیرات (ہنود) ☆ اعمال تسخیرات ہمزاد (مستورات)
0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
مکتبۃ العارف
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
https://bit.ly/3reutxX
مکتبہ العارف سے عملیات/تعویذات/وظائف اور دیگر روحانی علوم پر کتب ورسائل آن لائن خریدیں

مجرّبات حضرت شیخ محمد محدث تھانویؒ

مرتب: مولانا محمد اسحاق مدظلہٗ

دشمن یا بادشاہ کا خوف

یعنی ان سے تکلیف پہنچی ہو یا پہنچنے کا خطرہ ہو تو یہ عمل جو کہ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ سے بطریق حضرت شیخ عبدالقادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ منقول ہے، کرے۔ بعد نماز تہجد گیارہ سو (1100) مرتبہ آیت کریمہ "لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ" پڑھے اور اوّل وآخر اس آیت پڑھنے کے بعد گیارہ گیارہ (11، 11) مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ طہارت، مکان وجسم، حفظ مان وزمان شرط ہے۔

دشمن کی تباہی کے لیے

آخر ماہ میں جمعہ کے دن پچاس (50) تنکا مسجد کی جھاڑو یا کوڑے سے لے اور کچھ مٹی اجاڑ جگہ کی اور کچھ مٹی کسی اجاڑ مسجد کی اور کچھ مٹی کسی اجاڑ مکان کی لاکر ہر تنکا پر پچاس پچاس (50،50) بار الم ترکیف پڑھ کر دم کرے اور سب کو جلادے۔ راکھ دشمن کے مکان میں ڈال دے۔ برباد ہوجائے گا۔

دشمن کی خرابی کے لیے

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ ایک روٹی پر حروف تسعہ (نو حرف) ابجد کے حروف میں سے 'الف' سے لے کر 'ی' تک لکھے اور اس روٹی کے پانچ (5) ٹکڑے کرے اور پانچ (5) کتوں کو کھلائے۔ کھلاتے وقت کہے "فلاں ابن فلاں کا گوشت کھاؤ اور اس کو ٹکڑے ٹکڑے کردو۔" اس عمل سے دشمن کا جسم پھوٹ نکلے گا۔

برائے دفع شرّ عدو

میرے مخلص دوستوں میں ایک شخص ایک ظالم ہمسایہ سے، جو شاہی اُمراء میں سے تھا، بہت پریشان تھا۔ اس نے عاجز ہوکر خودکشی کرنے کا ارادہ کرلیا تھا۔ اس نے مجھ سے شکایت کی۔ میں نے اس کو بتلایا کہ روزانہ ایک ہزار (1000) مرتبہ "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ" پڑھا کر اور اپنے تمام متعلقین کو پڑھنے کی ہدایت کر۔ اس نے اس پر عمل کیا۔ چند روز بعد اللہ تعالیٰ نے اس کو اس ظالم کے شر سے نجات دے دی۔ بارہا کا مجرب ہے۔

عمل برائے دست غیب

سات (7) دن تک روزہ رکھے اور ان ایام میں بالکل جھوٹ نہ بولے۔ نہ مذاق میں، نہ واقعتاً اور روزانہ بعد نماز عشاء یہ آیت کریمہ "وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ (الانعام:۵۹)" ایک ہزار (1000) مرتبہ اور یَا حَیُّ ایک ہزار (1000) مرتبہ یَا قَوِیُّ ایک سو پچاس (150) مرتبہ...... اوّل آخر درود شریف گیارہ (11) مرتبہ۔ ایک (1) ہفتہ کے بعد ایک (1) نورانی جنیہ (اس عمل کی موکلہ) حاضر ہوگی۔ اس سے ۵ درہم لے لے (سکہ عرب) اور جیب میں رکھ لے اور ہر دن خرچ کرتا رہے۔ اس کے باوجود ایک سو پچاس (150) روپے بچے رہیں گے۔

عمل برائے فتوحات ورزق

جمعہ کے دن ۴ سنت پڑھ کر سہ (3) بار درود اوّل پڑھے اور درمیان میں سات (7) مرتبہ یہ دُعا پڑھے: "یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِیَتِكَ وَ بِفَضْلِكَ عَنْ مَّنْ سِوَاكَ"۔ پھر تین (3) مرتبہ درود شریف پڑھے۔

عمل ادائیگی قرض

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ...... پوری کو بعد طلوع فجر صادق چالیس (40) مرتبہ پڑھے۔ تمام قرض ادا ہوجائے گا۔ اور بہت آمدنی ہوگی۔

مجرب تعویذات و عملیات

شیخ العاملین حضرت مولانا امان اللہ نقشبندی رحمہ اللہ

برائے جدائی

مندرجہ ذیل تعویذ آخری ہفتہ میں لکھ کر اور فریقین کا نام لکھ کر پرانی قبروں کے درمیان دفن کرے اور پندرہ (15) دن تک ایک (1) تسبیح روزانہ درود شریف پڑھتا رہے۔ پندرہ (15) دن میں جدائی ہوگی۔

ھھ ھھ ھھ ھھ ھ
ع ع ع ع فریقین کا نام
۲ ۲ ۲ ۲ ۲ ۲ ۲ ۲ ۲

برائے جدائی

اس تعویذ کو لکھ کر گھر میں دفن کریں۔ ایک (1) ہفتہ یا دو (2) دن میں فقط جدائی کو دیکھیں گے۔

بغض فلاں بن فلاں
۹۲ ۲۱۱۸ بسم ۱۱۴۱ ۱۴۱ ۱۳ ا سلام الاطم
صــــــــــــــــــــــــھما
۵ الام مہ ح عمہ رح علی اد ی و

مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا ہو تو نقش ذیل کو ایک (1) کوری ٹھیکری پر لکھے اور مریض کے تمام بدن پر سات (7) مرتبہ پھیریں، پھر تیز آگ میں ڈالیں۔ اگر حروف سفید ہو جائیں تو جادو ہے، اگر حروف سرخ ہوں تو آسیب وغیرہ ہے۔ اگر حروف سیاہ ہو جائیں تو مرض بدنی ہے۔ نقش یہ ہے:

(۱۸۳۱۱ ۵ ع ع ح ۲۶۴ ۱۱ ۱۱ ۳۴ x)

برائے آسیب

اس نقش کو لکھ کر فلیتہ بنا کر ناک میں دھونی دے۔ مجرب ہے۔ ان شاء اللہ، شفاء ہوگی۔

نقش یہ ہے:

ابلیس	فرعون	ہامان	فرعون	ابلیس
فرعون	ابلیس	فرعون	ابلیس	ہامان
ابلیس	فرعون	ہامان	فرعون	ابلیس

برائے جملہ جانوراں

اس آیت کو لکھ کر گلے میں باندھے۔ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ (فاطر: ۴۱)

برائے چیچک

مندرجہ ذیل تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔

الحمد للہ	رب العالمین	الرحمن	الرحیم
۴۱	۱۹	۹	۱۶
ملک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط
۱۳	۱۰	۹۸	۶
المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
۷۱	۸	۸	عہ
غیر المغضوب	علیھم	ولا الضالین	آمین
۵	۲	۱۷	۱۶

دُعائے برھتیہ کے اٹھائیس اسماء کے مختصر خواص

حضرت صوفی غلام سرور شباب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

پہلا اسم: (بَرْھَتِیَۃٌ)

☆ جو کوئی شخص اس اسم کو 35 مرتبہ سفید پلیٹ پر اسے زعفران وگلاب سے لکھے اور پھر آبِ زم زم سے یا صاف پانی سے دھو کر کسی دردِزہ والی عورت کو پلائے تو وہ عورت اللہ تعالیٰ کے حکم سے فوری بچہ جنے گی۔

☆ اگر کوئی تنگی رزق والا اِسے روزانہ ایک سو 100 مرتبہ مسلسل چالیس (40) یوم تک پڑھے۔ تو اللہ تعالیٰ روزی رزق کشادہ فرمائے۔

☆ جو کوئی شخص اسے اپنی دائیں ہتھیلی پر سات (7) مرتبہ لکھے اور اُسے چاٹ لیا کرے سات (7) یوم تک ایسا ہی کرے تو اس کا حافظہ تیز ہو جائے گا۔

☆ سحر التخیل کے مریض کو یہ دُعا لکھ کر دی جائے تاکہ وہ اپنے گلے میں تعویذ بنا کر ڈالے اور یہی دُعا زعفران وگلاب سے تحریر کر کے مریض کو دیں تاکہ وہ عرقِ گلاب میں ڈال کر روزانہ صبح وشام پی لیا کرے۔ اکیس (21) یوم تک ایسا ہی کرے۔ ان شاء اللہ سحر التخیل سے نجات مل جائے گی۔

بَرْھَتِیہِ- کَرِیْرٍ- تَتْلِیہِ- طُوْرَانٍ- مَزْجَلٍ- بَزْجَلٍ تَرْقَبٍ- بَرْھَشٍ- غَلْمَشٍ- خُوْطِیْرٍ- قَلْنَھُوْدٍ- بَرْشَانٍ- کَظْھِیْرٍ- نَمُوْشَلْخٍ- بَرْھَیُوْلَا- بَشْکَیْلَخٍ- قَزْمَزٍ- اَنْغَلَلِیْطٍ- قَبْرَاتٍ- غَیَاھَا- کَیْدَھُوْلَا- شَمْخَاھِرٍ- شَمْخَاھِیْرٍ- شَمْھَاھِیْرٍ- بِکَھْطَھُوْنِیہِ- بِشَارِشٍ- طُوْنَشٍ- شَمْخَابَارُوْخٍ۔

دوسرا اسم: (کَرِیْرٍ)

☆ اگر کوئی شخص اس اسم کو روزانہ سات سو (700) مرتبہ ہمیشہ پڑھے تو وہ جنات کی حضوری پائے۔ اور اکثر اوقات جنات مختلف امور میں بطور خدام معاون ہوں گے۔

☆ جو تاجر مالِ تجارت میں سفید کاغذ پر اسے گیارہ (11) مرتبہ تحریر کر کے رکھے تو مال چوری نہ ہو گا۔

☆ اگر آشوب چشم والا پانی سے سترہ (17) مرتبہ پلیٹ پر لکھے اور پھر اسے دھو کر تین (3) دن تک پیتا رہے تو اللہ تعالیٰ اسے شفاء دے گا۔

☆ اگر کوئی بَرْھَتِیۃ۔ کَرِیْرٍ۔ کو اپنی تھوک سے کسی کھانے والی چیز پر لکھے اور کسی کو کھلا دے تو کھانے والے کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

☆ اگر کوئی پانی پر ان دونوں اسماء کو دم کرے اور جو شخص پانی پئے گا اُسے محبت پیدا ہو گی۔

☆ اگر کوئی شخص عنبر کی تختی پر ان دونوں اسماء کو نقش کرے۔ اور کنواری لڑکی کو پاس رکھنے کو دے تو اس لڑکی کی جلد منگنی ہو جائے گا۔

☆ اگر ان اسماء کو سامان تجارت میں رکھے تو منافع کثیر سے فروخت ہو۔

تیسرا اسم: (تَتْلِیہٖ)

☆ لوح کشادہ میں لکھ کر گھر میں رکھنے سے کھٹمل بھاگ جائیں گے۔

☆ جو شخص اس اسم کو روزانہ ستر (70) مرتبہ تلاوت کرے۔ اور اس پر مداومت کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ اس کو بہتر زندگی عطا فرمائے اور وہ غنی ہو جائے گا۔

☆ اگر میاں بیوی کے درمیان نفرت یا جھگڑا ہو تو خاوند اس کو ستر (70) مرتبہ ہرن کی جھلی پر زعفران ومشک سے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ ان شاء اللہ اس کی بیوی فرمانبردار ہو گی۔

☆ جو کوئی بَرْھَتِیۃ۔ کَرِیْرٍ۔ تَتْلِیہ۔ ان تینوں اسماء کا روزانہ رات کو سوتے وقت ورد کرے اور پڑھتے پڑھتے سو جایا کرے۔ اور اسے اپنا معمول بنا لے تو ایک وقت کے بعد ارواح علویہ وسفلیہ سب فرمانبردار ہوں گی۔ اور مختلف امور میں معاون ہوں گی۔

چوتھا اسم: (طُوْرَانٍ)

☆ جو کوئی اس اسم کو پانچ (5) مرتبہ لکھے اور پھر سورہ حشر کی آخری چار (4) آیات بھی ساتھ تحریر کرے پھر تین (3) مرتبہ (ھا) اور سات (7) مرتبہ (ی) لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ حامل فرد انسان اور جنات اور ظالموں کے غلبہ اور ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

☆اگر کوئی شخص اس اسم کو کسی ظالم پر تلاوت کرے۔ ہر رات ایک ہزار (1000) مرتبہ اور ہر سینکڑے کے بعد اُس ظالم سے بدلہ لینے کا تصور کرے۔ مسلسل تین (3) رات ایسا ہی کرے تو اللہ تعالیٰ اُس ظالم سے ایسا بدلہ لے گا کہ وہ ظالم دوبارہ کسی پر ظلم نہ کر سکے گا۔

☆جو شخص اس اسم کو اکیس (21) مرتبہ روٹی پر لکھے اور قیدی کو دے اور قیدی اُس کے دو (2) ٹکڑے کر کے کھائے۔ تو اللہ تعالیٰ اُسے قید سے رہائی بخشے گا۔

☆جو شخص ان اسماء (1) کو ایک کاغذ پر لکھے اور بیمار کے گلے میں ڈالے، اللہ تعالیٰ اُسے صحت عطا فرمائے اور اگر وہ بیمار مسحور ہو تو اس سے سحر جادو کا اثر ختم ہو جائے گا اور صحت کامل عطا ہوگی۔ یہ دُعائے برہتیہ کے پہلے چار (4) اسماء یعنی (بَرهَتِيَة۔ کَرِير۔ تَتْلِيَه۔ طُوْزَانِ۔) ہیں۔

☆جو کوئی شخص مندرجہ بالا چاروں اسماء کو کاغذ پر زعفران و گلاب سے تحریر کرے اور پھر ماء الورد سے دھو کر اپنے چہرے کو دھوئے اور کسی حاکم کے پاس جائے تو حاکم مہربان ہوگا۔

☆اگر کوئی (طُوْزَانِ۔ کَرِير۔) ان دونوں اسماء کی خلوت میں روزانہ ایک ہزار (1000) مرتبہ تلاوت کرے اور ریاضت کے وقت لوبان کندرہ کا بخور بھی روشن کرے اور چالیس (40) یوم تک مسلسل ریاضت کرے تو ارواح علوی و سفلی کی ایک جماعت فرمانبردار ہوگی۔ اور تمام امور دنیاوی میں معاون ثابت ہوگی۔

پانچواں اسم: (مَزْجَلِ)

☆اگر اس اسم کو کسی پلیٹ پر سات (7) مرتبہ لکھیں اور پھر اس کے بعد آٹھ (8) اسمائے طھاطیل لکھیں اور بانجھ عورت کو غسل حیض کے بعد سات (7) یوم تک مسلسل دھو کر پلایا جائے اور وہ عورت روزانہ اپنے خاوند سے ہم بستری کرے۔ اللہ کے حکم سے حاملہ ہو جائے گی۔ آٹھ (8) اسمائے طھاطیل یہ ہیں۔ ”للطھطیل۔ مھطھطیل۔ قھطیطیل۔ فھطیطیل۔ نھھططیل۔ جھلططیل۔ لخھططیل۔ لمققفنجل۔“

☆اگر کوئی اس اسم کی روزانہ پچاس (50) مرتبہ تلاوت کرے۔ اور اس عمل کو اپنے روزانہ کے معمولات میں شامل کر لے۔ تو اللہ تعالیٰ اُس کے گناہ معاف فرمائے۔ اور ہر ایک فرد اُس کی تعظیم کرے۔ بلند مرتبہ حاصل ہوگا۔ اور اُس کی وفات سے قبل اُسے حضور نبی کریم ﷺ کے روضہ اقدس کی زیارت نصیب ہوگی۔

☆**مسحور و معقود کا سحر باطل کرنا:** مندرجہ ذیل نقش تحریر کر کے مسحور مریض کو دیں تا کہ وہ اسے پانی میں بھگو دے اور اس پانی سے کچھ پی لے اور باقی پانی سے غسل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مسحور کا سحر ختم ہو جائے گا اور معقود اپنی بیوی پر اللہ تعالیٰ کے حکم سے قادر ہو جائے گا، نقش یہ ہے۔

مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل
مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل
مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل
مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل
مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل
مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل	مزجل

چھٹا اسم: (بَزْجَلِ)

☆اس اسم کے بارے میں عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ وہ اسم ہے جس کی برکت سے شہر بابل کی زہرہ آسمان پر گئی تھی۔ جو اس اسم کو سرخ کاغذ پر جمعرات کے دن سورج نکلنے سے پہلے اسے لکھے اور پھر کسی سے کلام کئے بغیر اس اسم کو پڑھتے ہوئے اُس کاغذ کو دریا میں ڈال دیا کرے۔ اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے لیے دُعا کرے تو جمعۃ المبارک تک اللہ تعالیٰ اُس کی حاجت پوری فرمائے گا۔

☆اگر کوئی ایک (1) صاف برتن میں پانی لے کر اُس میں تین (3) چھوٹی سی کنکری نمک کی ڈال دے اور پھر اُس پر ”مَزْجَلِ۔ بَزْجَلِ“ چھیاسٹھ (66) بار پڑھ کر دم کرے اور پھر یہ پانی اُس مسحور یا معقود کو پلایا دیا جائے اور اس پانی میں اور پانی شامل کر کے اُسے نہلایا جائے تو سحر جادو کے تمام اثرات باطل ہو جائیں گے۔ (جاری ہے)

مجرب روحانی ٹوٹکے

ڈاکٹر محمد منشور عالم صدیقی (کراچی)

بے شرم عورت کو شرم دار بنانا

اگر کوئی عورت نہایت بے شرم اور تمام گھر و باہر کے افراد اس کی حرکات وسکنات سے عاجز ہوں تو یہ عمل نہایت زود اثر ثابت ہوگا۔

بروز نوچندی شنبہ سورج نکلنے سے قبل آپ لاجونتی کے پودے کے پاس جائیں اور یہ الفاظ کہیں "اے لاجونتی! میں آج تجھے دعوت دینے آیا ہوں۔ کل میں اسی وقت تمہیں لینے آؤں گا اور تمہیں میرا کام کرنا ہوگا، ورنہ میں قیامت کے دن دامن گیر ہوں گا۔" دوسرے دن نوچندی اتوار کو سورج نکلنے سے قبل اس پودے کے پاس جاکر جڑ سے اکھاڑ کر گھر واپس آجاؤ۔ اب اس پودے کی جڑ کو جس بے شرم عورت کو کھلادو گے، نہایت شرم وحیا والی ہوجائے گی۔ اگر کسی کو اس عمل کی صداقت پر یقین نہ ہو تو اس کی آزمائش کرسکتا ہے۔

شراب کا نشہ ختم کرنا

عرق مولی دس (10) تولہ لے کر اس میں شب یمانی سفید تین (3) ماشہ ملاکر شرابی کو پلادو تو فی الفور شراب کا نشہ اتر جائے گا۔ یہ عمل آزمودہ ہے۔ آپ اس کا جب چاہیں تجربہ کرلیں۔ غلط ہو تو ہمیں بتائیں۔

ڈراؤنے خواب آنا بند ہوں

جس گھر کے تمام افراد ڈراؤنے خواب دیکھتے ہوں، اس گھر کی زمین کے اندر پوست خرسر دفن کردیں تو برے خواب آنا بند ہوں گے اور تمام لوگ سکون سے سوسکیں گے۔ بارہا اس عمل کی آزمائش کی جاچکی ہے۔ ہر مرتبہ کامیابی ہوئی۔

جنات سے محفوظ

بروز نوچندی اتوار ایک (1) عدد مرغ سفید ذبح کرکے اس کا مغز ثابت نکال کر خشک کرکے محفوظ رکھیں اور تمام کا گوشت کسی غریب نادار کو دے دیں۔ اب مغز کو کسی سفید پارچہ موم جامہ میں لپیٹ کر مثل تعویذ بنا کر اپنے گلے یا بازو میں باندھیں۔ ان شاء اللہ، اجنہ کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ یہ کوئی مشکل کام نہیں۔ ہر شخص اس کو تیار کرسکتا ہے۔

جسمانی امراض اور آیت الکرسی

حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمہ اللہ (دیوبند)

قلب و جگر کی بیماری دور کرنے کیلئے

اگر دل میں درد رہتا ہو، ذرا چلنے پھرنے سے دل زور زور سے دھڑکنے لگتا ہو، ذرا سا بھاری کام کرنے سے سانس پھول جاتی ہو، ضعف جگر کی تکلیف ہو، معدہ کمزور ہو، پھیپھڑے متاثر ہوں...... ان صورتوں میں آپ حکیم یا ڈاکٹر کا جو بھی علاج کررہے ہوں، کرتے رہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ عمل بھی کرتے رہیں۔ ہر جمعہ کو جمعہ کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد چینی کی تین (3) پلیٹ پر ایک ایک (1،1) بار زعفران یا پیلے رنگ سے آیت الکرسی لکھیں اور ایک پلیٹ میں اسی دن عصر کے بعد پانی گھول کر پی لیں۔ دوسری پلیٹ پیر کے دن عصر کے بعد ہی پی لیں اور تیسری پلیٹ جمعرات کے دن عصر کے بعد پی لیں۔ مرض جو بھی ہو، آپ پیتے وقت شفا پانے اور صحت حاصل ہونے کی نیت رکھیں۔ ان شاء اللہ یہ عمل اگر آپ نے تین (3) ہفتوں تک لگاتار کرلیا تو آیت الکرسی کی برکت سے اللہ آپ کو شفاء اور صحت عطا فرمائے گا۔

بلغم اور کھانسی رفع کرنے کیلئے

اگر بلغم کی وجہ سے کھانسی کی شکایت ہو تو آپ لاہوری نمک کی سات (7) ڈلیاں چنے کے برابر لیں اور ہر ڈلی پر سات سات (7،7) مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرلیں اور نہار منہ ایک (1) ڈلی روزانہ چوسیں۔ اس طرح لگاتار سات (7) دن تک سات (7) ڈلیاں چوسیں۔ ان شاء اللہ سات (7) روز میں بلغمی کھانسی سے کلی طور پر نجات مل جائے گی۔

وظائف اسمائے حسنیٰ

ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدظلہٗ

وظیفہ برائے وسعتِ رزق: یَا مَلِکُ

جو شخص اس کو بعد نماز فجر ایک سو اکیس (121) مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کے وسائلِ رزق میں وسعت پیدا ہوگی۔

وظیفہ برائے صحت وشفا: یَا سَلَامُ

اس وظیفہ کو پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے اللہ تعالیٰ اسے موت کے سوا ہر مرض سے شفا دے گا۔

وظیفہ برائے نصرتِ الٰہی: یَا عَزِیْزُ

اگر کوئی شخص چالیس (40) روز متواتر چالیس (40) مرتبہ روزانہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے قوت اور مدد عطا فرمائے گا۔

سفر وحضر میں دشمن کے شر سے حفاظت کا وظیفہ: یَا جَبَّارُ

جو کوئی اس اسمِ پاک کا وظیفہ مسبعاتِ عشرہ کے بعد اکیس (21) مرتبہ صبح وشام کرے تو اللہ تعالیٰ اسے سفر وحضر میں اپنی امان میں رکھے گا نیز وہ اس پر مداومت کرنے سے بدگوئی وغیبت اور شرِ دشمن سے محفوظ رہے گا۔

گمشدہ اولاد اور مال واسباب کی بازیابی کا وظیفہ: یَا خَالِقُ

اس وظیفہ کو پانچ ہزار (5000) مرتبہ پڑھنے سے گمشدہ مال یا بچہ طوعاً وکرھاً مل جائے گا۔ اسی طرح طویل عرصے سے غائب شخص یا کوئی چیز بھی مل جائے گی۔

حصولِ اولاد کا وظیفہ: یَا مُصَوِّرُ

جو عورت بانجھ ہو وہ سات دن تک مسلسل روزے رکھے اور ہر روز غروب آفتاب کے بعد افطاری سے قبل اکیس (21) مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئے تو اللہ تعالیٰ اسے اولاد سے نوازے گا۔

وظیفہ برائے ناکامیٔ دشمن: یَا قَهَّارُ

اگر کوئی شخص طلوعِ آفتاب کے وقت اور نصف شب مندرجہ ذیل صیغہ کے ساتھ پڑھے تو اس کا دشمن اپنے جملہ عزائم میں ناکام ونامراد ہوگا:

یَا جَبَّارُ یَا قَهَّارُ، یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ ایک سو (100) مرتبہ پڑھنے کے بعد آخر میں پڑھے خُذْ حَقِّیْ مِمَّنْ ظَلَمَنِیْ وَعَدَا عَلَیَّ۔

وظیفہ برائے حصولِ کشف: یَا عَلِیْمُ

ہر نماز کے بعد "یَا عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ" کا ایک سو (100) بار وظیفہ کرنے سے انسان صاحبِ کشف ہو جاتا ہے۔

وظیفہ برائے حاجات وآسانیٔ مہمات: یَا خَافِضُ

اس وظیفے کو پانچ سو (500) مرتبہ پڑھنے سے حاجتیں پوری ہو جاتی ہیں اور مہمات آسان ہو جاتی ہیں۔

وظیفہ برائے حصولِ مقام ومرتبہ: یَا کَبِیْرُ

حسبِ ضرورت سات (7) روز مسلسل ایک ہزار (1000) مرتبہ روزانہ پڑھنے سے کھویا ہوا ظاہری وباطنی مقام دوبارہ مل جاتا ہے۔

وظیفہ برائے امن از خطرات: یَا حَسِیْبُ

صبح طلوعِ آفتاب اور شام کو غروبِ آفتاب سے قبل ستتر (77) مرتبہ یا ننانوے (99) مرتبہ "حَسْبِیَ الْحَسِیْبُ" کے الفاظ پڑھنے سے اللہ رب العزت کی طرف سے ہفتوں پہلے خطرات سے امن نصیب ہوتا ہے اس طریقے سے پڑھنے کے لئے اس وظیفہ کو جمعرات کے دن نمازِ فجر کے بعد طلوعِ آفتاب سے قبل شروع کیا جائے۔

وظیفہ برائے کشادگیٔ سینہ واسرارِ حکمت: یَا حَکِیْمُ

اس اسمِ مبارک کا ورد کرنے والے کے ناممکن کام بخیر وعافیت سرانجام پاتے ہیں۔ جو شخص باوضو ہو کر اس اسم پاک کو ذوق وشوق کے ساتھ ایک سو (100) مرتبہ پڑھتا رہے حتیٰ کہ اس پر وجد کی کیفیت طاری ہو جائے تو اس کے باعث اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو اپنے اسرار کی آماجگاہ بنا دے گا۔

فضائلِ و اعمالِ قرآنی

الشیخ الامام جلال الدین حفظہ اللہ

دل کے غم کو دور کرنے اور اس کو خوشی پہنچانے کی سورت

حضرت یحییٰ بن کثیرؒ نقل فرماتے ہیں کہ جس شخص نے صبح کے وقت سورۂ یٰسٓ پڑھی تو وہ شام تک برابر خوشی میں رہے گا اور جس نے شام کے وقت پڑھی تو وہ صبح تک برابر خوشی میں رہے گا۔ حضرت یحییٰؒ فرماتے ہیں کہ ہمیں اس بارے میں اس شخص نے بتایا ہے کہ جس نے خود اس کا تجربہ کیا ہے۔

فرماتے ہیں اس کی فضیلت کے لیے صرف یہ بھی کافی ہے کہ آپ ﷺ دن کی اپنی پہلی نماز کا سورۂ یٰسٓ سے افتتاح کرتے تھے اور اسی طرح حضرت جابر بن عبداللہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ صبح کی نماز میں یٰسٓ تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ (طبرانی)

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری دلی خواہش ہے کہ ہر انسان کے دل میں سورۂ یٰسٓ ہو۔ (بزار)

دارمی نے نقل کیا ہے کہ جو شخص صبح کے وقت سورۂ یٰسٓ پڑھے تو اس کو شام تک پورا دن آسانی رہتی ہے اور جو شخص رات کے پہلے حصے میں پڑھے گا تو اس کو صبح تک پوری رات آسانی رہتی ہے۔

عورت کی ولادت میں مشکل سے نجات

حضرت ابن عباسؓ سے موقوفاً اس عورت کے بارے میں، جس کو ولادت کے وقت مشکل پیش آئے، منقول ہے کہ یہ کلمات اور آیات کاغذ پر زعفران کے ساتھ لکھ کر اس عورت کو پلا دی جائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ...... سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَعَالٰى رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ...... اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (البیہقی)

ترجمہ: ......''شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ کوئی معبود نہیں مگر وہی جو بڑا حلم والا اور بڑا کرم والا ہے۔ پاک ہے اللہ کی ذات اور بلند تر ہے، وہ عرش عظیم کا رب ہے۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہے جو دونوں جہانوں کا رب ہے۔''

آیات مندرجہ ذیل ہے:

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿۴۶﴾

(النّٰزعٰت:۴۶)

ترجمہ: ......''جب وہ اس کو دیکھیں گے (تو ایسا خیال کریں گے) کہ گویا (دنیا میں) ایک شام یا صبح رہے تھے۔''

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

(الاحقاف:۳۵)

ترجمہ: ......''سو تو ٹھہرا رہ جیسے ٹھہرے رہے ہیں ہمت والے رسول اور جلدی نہ کر ان کے معاملہ میں، یہ لوگ جس دن دیکھ لیں گے اس چیز کو جس کا ان سے وعدہ ہے جیسے نہیں ٹھہرے مگر ایک گھڑی دن کی یہ پہنچا دینا ہے۔ اب وہی غارت ہوں گے جو لوگ نافرمان ہیں۔''

تکلیف دینے والے سے نجات

حضرت امام ابن جوزیؒ نے ایک دلچسپ واقعہ نقل کیا ہے کہ حضرت میمونہ بنت شاقول بغدادیؒ فرماتی ہیں کہ ہمارے پڑوسی نے ہمیں بہت زیادہ تکلیف دی تو میں نے دو (2) رکعت نماز پڑھی اور نماز میں پورے قرآن مجید کی ہر سورۃ کا ابتدائی حصہ پڑھا اور یہ دعا مانگی:

اَللّٰهُمَّ اكْفِنَا اَمْرَهٗ!!

''اس کے معاملے تو ہماری طرف سے کفایت فرما۔'' اور پھر سو گئی۔ جب میری آنکھ کھلی تو دیکھا کہ اچانک وہ سحری کے وقت نیچے آئے تو اس کا پاؤں پھسل گیا اور گر کر مر گیا۔

فضائل درود شریف

حضرت مولانا مفتی عاصم عبداللہ مدظلہ (کراچی)

دنیا کی تیس اور آخرت کی ستر حاجت روائی

مفاخر الاسلام میں ایک حدیث بیان کرتے ہیں:

من صلی علی فی لیلۃ الجمعۃ مائۃ صلوۃ قضی اللہ لہ مائۃ حاجۃ۔ سبعین حاجۃ من امور الدنیا و ثلثین من امور الأخرۃ.

"آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص مجھ پر شب جمعہ میں سو (100) مرتبہ درود پڑھے، اس کی سو (100) حاجتیں اللہ تعالیٰ پوری کریں گے۔ منجملہ ان کے ستر (70) حاجتیں دنیوی اور تیس (30) حاجتیں آخرت کی۔"

موت سے پہلے ضرور جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھے گا

دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار (1000) مرتبہ اس درود کو پڑھے، جب تک اپنی جائے نشست بہشت میں نہ دیکھ لے گا، دنیا سے خالی نہیں اٹھایا جائے گا۔ درود یہ ہے:

اللھم صلی علی محمد و آلہ الف الف مرۃ.

"یا اللہ رحمت نازل فرمایئے سیدنا محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر دس (1000000) لاکھ مرتبہ۔"

وہ درود جس سے آدمی حضور ﷺ کی شفاعت کا مستحق ہوجاتا ہے

امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے کہ حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص سات (7) ہفتے، ہر روز سات (7) مرتبہ اس درود شریف کو پڑھے، میری شفاعت اس کے لئے واجب ہے:

اللھم صل علی محمد و علی آل محمد صلوۃ تکون لک رضاء و لحقہ اداء و آتہ الوسیلۃ والمقام المحمود الذی وعدتہ و اجزہ عنا ما ھو اھلہ و اجزہ افضل ما جزیت نبیاً عن امتہ وصل علی جمیع اخوانہ من النبیین والصدیقین والشھداء والصالحین، یا ارحم الراحمین.

"یا اللہ! حضرت محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر ایسی رحمت نازل فرمایئے جو آپ کی خوشنودی کی باعث ہو اور جس کے ذریعہ سیدنا محمد ﷺ کا حق ادا ہوجائے اور آپ سیدنا محمد ﷺ کو "الوسیلہ" اور وہ مقام عطا فرمایئے جس کا آپ نے ان سے وعدہ کر رکھا ہے۔ سیدنا محمد ﷺ کو ہماری طرف سے ایسی جزا عطا فرمایئے جس کے آپ سیدنا محمد ﷺ اہل ہیں اور سیدنا محمد ﷺ کو ہماری طرف سے افضل سے افضل جزا عطا فرمایئے جو آپ نے کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے عطا فرمائی اور رحمت نازل فرمایئے آپ ﷺ کے تمام بھائیوں یعنی نبیوں، صدیقوں، شہداء اور صالحین پر، اے ارحم الراحمین۔"

شب جمعہ کو سو مرتبہ درود پڑھنے سے آدمی زندگی بھر فقیر نہیں ہوگا

مفاخر الاسلام میں بیان کرتے ہیں کہ حدیث میں آیا ہے:

من صلی علی یوم الخمیس مائۃ مرۃ لم یفتقر ابدا.

"جو شخص مجھ پر جمعرات کے دن سو (100) مرتبہ درود پڑھے، وہ کبھی محتاج نہ ہوگا۔"

خواب میں زیارت نبی کریم ﷺ یا جنت میں گھر

مفاخر اسلام میں یہ بھی بیان کرتے ہیں کہ جو شخص جمعہ کے دن ہزار (1000) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے:

اللھم صل علی محمد النبی الامی.

تو (ان شاء اللہ) سید الانام ﷺ کو خواب میں دیکھے گا یا اپنا گھر جنت میں دیکھ لے گا۔ اگر کچھ نہ دیکھے تو پانچ (5) جمعہ تک اس عمل کو کرے۔ ان شاء اللہ، خوش کرنے والا خواب دیکھے گا۔

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
20
جون 2023ء
کوئی دعویٰ نہیں
کوئی وعدہ نہیں
طلسمی الأنور
قیمت: 3000 روپے
رعایتی قیمت 2000
خوشی وبرکت کا روحانی ایٹمی فارمولا
اس طلسم میں ایسی روحانیات بھر دی گئی ہے جو کسی بھی ماحول، چاہے وہ گھر ہو، آفس ہو، ہسپتال ہو، کھیت ہو یا کھلیان ہو یا گودام ہو...... وہاں کے منفی اثرات کو سیکنڈز میں سکون، خوشگواریت و یگانگت ومحبت سے بھر دینے کی طاقت رکھتا ہے۔ دراصل یہ امتزاج ہے صدیوں سے مخفی طلسماتی رازوں کا جس کو جدید ٹیکنالوجی سے ملایا گیا ہے۔ یہ طلسم ارد گرد کے ماحول میں موجود تمام ایٹموں کو سیکنڈز میں برکت وخوشی سے بھر دیتا ہے۔
عاملین کے لیے بھی بے حد موثر ہے۔ اپنے آستانے میں رکھنے سے مریضوں کے ساتھ آنے والے برے اثرات کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔
0320-4312272
0334-4312272 042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
کوئی دعویٰ نہیں
کوئی وعدہ نہیں
ھدیہ 3000 روپے
چاندی سے بنی ہوئی
حروف مقطعات کی خاص روحانی انگوٹھی
یہ انگوٹھی بہت سے فوائد کی حامل ہے، یہاں چند ایک بیان کیے گئے ہیں:
دشمنوں کی زبانیں خاموش کرا دینے والی انگوٹھی، دشمنوں کے منہ بند کرا دینے والی انگوٹھی، مخالفوں کے ہونٹوں پر تالا لگا دینے والی انگوٹھی، بدمعاشوں کو مغلوب کر دینے والی انگوٹھی، چالبازوں کی ہمتوں کو پست کر دینے والی انگوٹھی، عدالتوں اور حکام کو آپ پر مہربان کروا دینے والی انگوٹھی، افسران بالا اور لاپرواہ دوستوں کو شفیق بنا دینے والی انگوٹھی، بے پرواہ رشتہ داروں/اپنے بیگانوں کے دلوں کو مسخر کر دینے والی انگوٹھی، لاجواب بے مثال اور خاص انگوٹھی۔
شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت
0320-4312272
0334-4312272 042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
ہرن کی جھلی
ہرن کی جھلی خاص خاص عملیات محبت، تسخیر، شادی، فتح نامہ، وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں استعمال ہوتی ہے۔ قیمت: 80 روپے
ہرن کی کھال
مختلف عملیات میں استعمال ہوتی ہے۔
قیمت: 120 روپے فی سکوائر انچ
بھوج پتر
بھوج پترا اعمال شر کے لیے خاص ہے۔ بغض وعداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ نیز یہ اور بھی کئی خاص مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ قیمت: 130 روپے
0320-4312272 darulamal.org/ruhanishop
0334-4312272 042-35420586 ruhanishop
روحانی دکان
لقمان زعفران ہرات
Super Nageen
The best quality of Saffron
100% Natural
بہترین زعفران ہرات
افغانی زعفران۔ بہترین رنگ دیتا ہے۔ لکھائی لاجواب۔ عاملین کا پسندیدہ۔
خواص: بضد سرطان۔ تقویت کنندہ جنسی۔
کاہش دہندہ چربی خون۔ آرام بخش ونشاط آور
Redices Blood Fat _Sexual Boster_Anticancer
Relaxing & Uplifting
وزن خالص 1 گرام۔ 500 روپے (خوبصورت پیکنگ)
ایک تولہ لینے والے کو ہول سیل ریٹ لگایا جائے گا۔
0320-4312272
0334-4312272 042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
Whatsapp
+92-322-4773786
روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے متقیان اور علماء کرام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل
https://bit.ly/3tAstS4

شیاطین سے حفاظت کے شرعی طریقے

مؤلف حضرت مولانا محمد عمر فاروقی مدظلہ (کراچی)

جو قلب قرآن سے خالی ہو اس پر شیاطین کا قبضہ ہوتا ہے

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ ﷺ: إِنَّ الَّذِي لَيْسَ فِي جَوْفِهِ شَيْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ كَالْبَيْتِ الْخَرِبِ. (رواہ الترمذي وقال هذا حديث صحيح ورواه الدارمي والحاكم وصححه)

ترجمہ: عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جس شخص کے قلب میں قرآن شریف کا کوئی حصہ بھی محفوظ نہیں، وہ ویران گھر کی طرح ہے۔

ف: ویران گھر کے ساتھ تشبیہ دینے میں ایک خاص نکتہ یہ بھی ہے کہ

''خانہ خالی را دیو مے گرد''

(یعنی خالی اور غیر آباد گھر پر دیو اور جنات قبضہ کر لیتے ہیں)

جواب آپ کو تین (3) تعویذ بھجوائے جا رہے ہیں۔ ایک تعویذ بیٹا اپنے پاس رکھے، دوسرا کسی پھل دار درخت پر لٹکا دے اور تیسرا چلتے پانی پر بہا دے۔ روزانہ گیارہ سو (1100) مرتبہ، اول و آخر گیارہ (11) بار درود شریف، ''یَا بُدُّوحُ'' پڑھ کر اپنے مقصد کے لیے دعا کریں۔ اس عمل کو چالیس (40) دن تک بلا ناغہ پڑھنا ہے۔ اس دوران بڑا گوشت نہیں کھانا۔

ان شاء اللہ، جو بھی رکاوٹیں ہیں، وہ ختم ہو جائیں گی۔ اور کسی اچھی یونیورسٹی میں سکالرشپ حاصل کرے گا۔

اذکار، وظائف اور دعاؤں کا مخصوص تعداد میں پڑھنے کا حکم

دار الافتاء الاخلاص (کراچی)

سوال: صبح اور شام کے اذکار کی تعداد کے بارے میں کہیں سنا ہے کہ تین (3) مرتبہ پڑھنے کا اور کہیں سات (7) مرتبہ پڑھنے کا لکھا ہے۔ برائے مہربانی تمام اذکار کے لئے کوئی ایک تعداد بتادیں۔

جواب: اذکار، وظائف اور دعاؤں کا مخصوص تعداد میں پڑھنا اگر کسی حدیث مبارکہ سے ثابت ہو تو اس صورت میں اس عدد کے مطابق ہی عمل کرنا چاہیے، مثلاً: تسبیح فاطمی میں 33 مرتبہ سبحان اللہ 33 مرتبہ الحمد للہ اور 34 مرتبہ اللہ اکبر پڑھنا چاہیے۔

اور اگر کسی ذکر کی تعداد حدیث مبارکہ سے ثابت نہیں ہو تو اس صورت میں اپنی سہولت کے مطابق جتنی مرتبہ چاہیں، وہ ذکر کرسکتے ہیں، اس صورت میں کسی مخصوص عدد کی پابندی کرنا ضروری نہیں ہے، البتہ طاق عدد میں پڑھنا پھر بھی مستحب ہے۔

اور اگر کسی ذکر کے بارے میں مختلف تعداد کی روایات وارد ہوئی ہیں، مثلاً تین اور سات کا عدد وارد ہوا ہے تو اس صورت میں تین کم سے کم مقدار کا بیان ہے، اور سات میں اکمال ہے، جیسا کہ رکوع اور سجدہ کی تسبیحات کا حکم ہے۔

دلائل

ردالمحتار: (1/531، ط: سعید)

لو زاد على العدد، قيل يكره لانه سوء ادب، وايد بانه كدواء زيد على قانونه او مفتاح زيد على اسنانه. و قيل بل يحصل له الثواب المخصوص مع الزيادة. بل قيل لا يحل اعتقاد الكراهة. لقوه تعالى: "من جاء بالحسنة فله عشر امثالها"، والاوجه ان زاد لنحو الشك عذر او لتعبد فلا لاستدراكه على الشارع وهو ممنوع اه (ملخص من تحفة ابن حجر)

الفتاوى الهندية: (1/75، ط: دار الفكر)

كذا في الهداية ويكبر في حالة الخرور ويقول في سجوده: سبحان ربي الأعلى ثلاثاً وذلك أدناه. كذا في المحيط. ويستحب أن يزيد على الثلاث في الركوع والسجود بعد أن يختم بالوتر. كذا في الهداية. فالأدنى فيهما ثلاث مرات، والأوسط خمس مرات، والأكمل سبع مرات. كذا في الزاد. وإن كان إماماً لايزيد على وجه يمل القوم. كذا في الهداية.

ردالمحتار: (1/494، ط: سعید)

وصرحوا بأنه يكره أن ينقص عن الثلاث وأن الزيادة مستحبة بعد أن يختم على وتر خمس أو سبع أو تسع ما لم يكن إماماً فلا يطول.

السعاية: (2/259)

و من الفوائد التي عليه العلماء ان مراعاة العدد المخصوص في الأذكار معتبرة لان الاعداد المخصوصة اذا رتب عليها الثواب من صاحب الشرع اذا لا يحصل له ذالك الثواب لاحتمال ان يكون لتلك الاعداد خصوصية لانعلمها اه.

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

دار الافتاء الاخلاص، کراچی

امراضِ جسمانی سے شفاء کے اعمال

سید علی حسین شاہ مدظلہٗ (لاہور)

مرگی سے شفاء

اگر کسی کو بھی روحانی علاج سے مرگی کے مرض سے نجات نہ ملتی ہو تو صاحب عمل سورۃ الفلق کو تلوں کے تیل پر بعد نماز عصر اگر بتیاں سلگا کر ایک سو (100) مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور سفید مرغ کو تازہ ہی ذبح کروا کر اس کا خون حاصل کرے اور پاک روئی کی چھوٹی چھوٹی باریک بتیاں بنائے اور ان بتیوں کو اس خون میں تر کرے تا کہ روئی سارا خون جذب کر لے۔ بعد خشک ہونے کے مریض کو ہدایت کرے کہ روزانہ بعد نماز مغرب اس تیل کو چراغ میں ڈال کر ایک بتی اس میں ڈالے اور اس کے سامنے بیٹھ کر اس کو جلتا ہوا دیکھے اور خود بھی سورۃ الفلق کو پڑھے۔ اگرچہ اس کی طبیعت اس عمل سے خراب ہوگی اور مریض ایسا محسوس کرے گا جیسے اس کی جان نکل رہی ہو لیکن ایسا حقیقت میں نہیں ہوگا بلکہ اس کا مرض اندر سے نکل رہا ہوگا، جس کا مطلب اس کو شفاء دینے سے ہے اور علاج کو تا عمر کامیاب بنانے کے لیے یہ تھوڑی تکلیف برداشت کرنی ہوگی۔ اسی طرح اس عمل کو گیارہ (11) دنوں تک کرے۔ اللہ کے حکم سے ان گیارہ دنوں کے اندر اندر مریض کامل صحت پائے گا، ان شاء اللہ۔

دردِ سر و شقیقہ

اگر کسی کو سر میں درد رہنے کے علاوہ سر سے متعلق کوئی بھی عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو اس کے ہمیشہ کے حل کے لیے پاؤ تیل سرسوں کا لا کر صاحب عمل اس پر سورۃ الفلق کو اتنی تعداد کے مطابق پڑھے، جتنے اس مریض کے نام کے اعداد ہیں۔ پھر اس تیل کو گاہے بگاہے روئی پر لگا کر اپنی کنپٹیوں پر اس طریقے سے مالش کرے کہ تیل مسام کے ذریعے اندر داخل ہو۔ اللہ کے حکم سے سر درد کے علاوہ درد شقیقہ کا بھی خاتمہ ہوگا اور سر سے متعلق جو بھی امراض ہوں گے، ان کا خاتمہ ہوگا۔

خواتین کی جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج

حضرت مولانا اعجاز احمد خان مدظلہٗ (کراچی)

عورت کا خون بند کرنے کا گنڈہ

دس (10) تار سرخ سوت کے عورت کے قد کے برابر لے اور یَاقَاهِرُ گیارہ گیارہ (11-11) بار پڑھے اور گرہ دے۔ کل گیارہ (11) گرہ دے اور ہر گرہ پر دم کرے (پھونک مارے) اور مریضہ کے پیٹ پر باندھ دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خون بند ہو جائے گا۔

ماں کے دودھ میں اضافہ کے لئے

بعض عورتوں کے پستانوں میں دودھ بہت کم ہوتا ہے۔ اس کے سبب بچہ بھوکا رہتا ہے اور ہر وقت روتا رہتا ہے۔ روتے روتے چڑچڑا ہو جاتا ہے اور سوکھتا جاتا ہے۔ ماں کے دودھ میں اضافہ کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔

اوّل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد یہ دو آیتیں ایک سو ایک (101) مرتبہ باوضو پڑھیں۔ آخر میں پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور بارش کے ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لیں اور اس پانی کو ایک گھونٹ بعد نماز فجر اور ایک گھونٹ بعد نماز مغرب پی لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دودھ خوب پیدا ہوگا۔

تنبیہ: اگر بارش کا پانی نہ ملے تو دریا، تالاب، جھیل، چشمہ، نہر کا پانی لے لیں۔ ورنہ سات کنویں کا پانی یا سات نلکوں کا پانی لے لیں۔ وہ آیات یہ ہیں:

وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ (هود:۴۲) فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ (الرحمٰن:۵۰) اور درود شریف ''درود ابراھیمی'' پڑھنا ہے۔

لوحِ سعادت

صوفی محمد ایاز اکمل اویسی مدظلہٗ (کراچی)

جب مشتری برج سرطان میں داخل ہو یا جب قمر کے ساتھ نظر تثلیث یا تسدیس قائم ہو اور قمر خوشحال وسعد حالت میں ہو تو اس وقت یہ لوح ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھنی چاہیے۔ جس وقت لکھیں، اسی وقت اس پر خوشبو لگائے اور موم جامہ کر کے گلے میں یا سیدھے بازو پر پہن لیں۔

اس لوح کا حامل ہر قسم کے غم والم سے دور رہتا ہے۔ طبیعت میں سکون، مال میں برکت اور روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ جمیع مشکلات حل ہوتی ہیں اور وبائی ومہلک امراض سے حفاظت رہتی ہے۔ خوف سے امن اور اکابر وعلماء میں باعزت ومعزز رہتا ہے۔ ہمہ قسم کی آفات وبلیلات اور حادثات سے ہمیشہ محفوظ رہتا ہے۔

لوح یہ ہے:

بسم اللہ بابنا	تبارک	حیطاننا	یس سقفنا	کھیعص کفایتنا	حمعسق حمایتنا	فسیکفیکھم اللہ	وھو السمیع العلیم
۳۹۲	۴۰۸	۷۵۸	۷۸۷	۱۳۰	۳۶۰	۲۲۵	۶۲۲
۳۵۹	۱۲۷	۶۲۵	۲۲۶	۴۰۷	۳۸۹	۷۹۰	۷۵۹
۷۸۹	۷۶۰	۴۲۶	۳۹۰	۶۲۴	۲۰۷	۳۵۸	۱۲۸
۴۰۵	۳۹۵	۷۸۴	۷۶۱	۳۵۷	۱۳۳	۶۱۹	۲۲۸
۶۱۸	۲۲۹	۳۵۶	۱۳۴	۷۸۳	۷۶۲	۴۰۴	۳۹۶
۷۶۳	۷۸۶	۳۹۳	۴۰۳	۲۳۰	۶۲۱	۱۳۱	۳۵۵
۱۳۲	۳۵۴	۲۳۱	۶۲۰	۳۹۴	۴۰۲	۷۶۴	۷۸۵

اگر لوہے کی تختی پر لکھ کر گھر کے داخلی راستے پر لگا دیں تو اس گھر میں نہ کبھی چور داخل ہو سکے گا اور نہ شریر جنات وہاں بسیرا کر سکیں گے۔ گھر والوں میں باہم اتفاق واتحاد پیدا ہوگا۔

لوگوں کو مطیع کرنے کا خاص عمل

محمد عبداللہ لکھنوی رحمۃ اللہ

لوگوں کو اپنا مطیع و فرمانبردار کرنے اور ایسی جگہ اپنی اچھی شہرت کو بنانا کہ جہاں کے لوگ جانتے نہ ہوں یا کسی نئی آبادی یا شہر میں رہائش رکھی ہو اور چاہتا ہو کہ چشمِ خلائق میں مقبول ومحترم ہو جائے، سب لوگ عزت واحترام سے پیش آئیں تو اس مقصد کے لیے نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں پاک صاف کپڑے پہن کر گوشۂ تنہائی میں بیٹھے۔ یہ عمل پیر کے دن سے شروع کرے۔ عمل کرتے ہوئے صرف دریا کا پانی ضرورت کے وقت اپنے استعمال میں رکھے۔ اگر دریا نزدیک نہ ہو تو کسی نہر یا کنویں کا پانی استعمال میں لائے۔ چالیس (40) یوم تک کا یہ عمل ہے۔ اس دوران جس قدر بھی کپڑے استعمال ہوں، وہ بھی دریا کے پانی سے تین (3) مرتبہ پاک کیے ہوئے ہوں۔ اس کے بعد قبلہ رُو ہو کر بیٹھے اور نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ سات (7) مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے۔ اس دوران کسی سے بات چیت نہ کرے۔ جب یہ عمل شروع کرے تو پہلے دن سورۂ یٰسین پڑھنے سے قبل ایک (1) بار سورۂ روم بھی پڑھے اور جب ختم کرے یعنی چالیسواں دن ہو تو اس دن ایک (1) بار سورۂ روم پڑھے۔ مگر روزانہ اوّل وآخر اکیس اکیس (21،21) بار درود شریف پڑھے۔ گناہ صغیرہ وکبیرہ سے بھی بچنے کی کوشش کرے۔ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے۔ عمل شروع کرنے سے تین (3) یوم پیشتر ہی انڈا، گوشت، مچھلی، تیل اور پیاز لہسن وغیرہ یعنی ہر ایک بدبودار غذا سے مکمل طور پر پرہیز کرے۔ چالیس (40) یوم کے بعد جس جگہ بھی جانے کا ارادہ رکھتا ہو تو اگر دوسرے شہر یا آبادی میں جائے تو جانے سے قبل ایک (1) بار سورۂ یٰسین پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی کامیابی کے لیے دعا مانگے اور چاروں اطراف دم کرے، پھر روانہ ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جس سے بھی سامنا ہوگا، وہ مطیع وفرمانبردار ہوگا اور عزت واحترام سے پیش آئے گا۔

نوٹ: اس چلّے کو اپنے مرشد ورہبر یا استاد سے اجازت لے کر کریں۔ خ

21 دنوں میں ہر قسم کی بندش و جادو ختم کرنے کا خاص روحانی کورس

اگر آپ پر سفلی بندش ہے یا آپ پر جادو جنات اور سحر کے ذریعہ سے لگائی گئی بندش ہے تو آپ کے لئے یہ کورس مفید ہے۔ جو شخص پریشان ہو، خود کی یا کسی بھائی یا بہن کی یا اولاد کی شادی میں طرح طرح کی روکاٹیں پیدا ہو رہی ہوں، شادی کے رشتے اول تو آتے ہی نہیں یا آتے ہیں تو بہانے بہانے سے انکار کر دیتے ہیں۔ ان سب شکایات کے ازالہ کے لئے ایک خاص الخاص کورس۔ اگر جادو سحر، آسیبی اثرات کی وجہ سے آپ کے کاروبار پر بندش ہو یا کسی مخالف نے سفلی عمل کے ذریعے سے بندش لگوادی ہو تو یہ روحانی کورس آپ کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ رزق کی بندش، صحت کی بندش، رشتہ کی بندش، شہوت کی بندش، سفر کی بندش، نیز ہر قسم کی بندش کے لئے یہ کورس بہت مفید ہے۔

جناتی بندش	جادوئی بندش	آسیبی بندش
عملیاتی بندش	شیطانی بندش	تعویذاتی بندش
مردانہ بندش	زنانہ بندش	اولاد کی بندش
رشتوں کی بندش	کاروباری بندش	ملازمت کی بندش

ہر طرح کی تمام چھوٹی، بڑی، نئی، پرانی، معمولی اور زیادہ بندشوں کے توڑ اور خاتمے کا خاص روحانی کورس۔ بندشیں خواہ کسی بھی وجہ سے ہوں یا کسی بھی طرح کی ہوں خود اور اپنے مریضوں کو یہ کورس استعمال کروائیں۔

ھدیہ فی کورس (معمولی) 2100 روپے

(درمیانہ) 3100 روپے

(سخت) 4100 روپے

بزرگان دین سے منسوب تعویذات

بزرگان دین، علمائے کرام، مشائخ عظام کے تجویز کردہ مختلف مقاصد کیلئے تیر بہدف، مجرب، زوداثر تعویذات۔ درج ذیل بزرگان دین کے تعویذات دستیاب ہیں۔ صرف بزرگوں کے نام دیئے گئے ہیں۔ تعویذات کی مکمل تفصیل پی ڈی ایف میں دی گئی ہے۔

◦ شیخ العالمین استاذ العلماء، والعالمین عارف باللہ استاذ محترم حضرت مولانا محمد امان اللہ نقشبندی قادری نوراللہ مرقدہ ◦ امام ربانی شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نوراللہ مرقدہ ◦ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نوراللہ مرقدہ ◦ شاہ رفیع الدین نوراللہ مرقدہ (سابق مہتمم، دارالعلوم دیوبند) ◦ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نوراللہ مرقدہ ◦ حضرت مولانا یعقوب نانوتوی نوراللہ مرقدہ (اوّلین صدر مدرس، دارالعلوم دیوبند) ◦ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی نوراللہ مرقدہ ◦ حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نوراللہ مرقدہ (مرکیل اعظم مسلک علماء دیوبند) ◦ ولی کامل حضرت مولانا سید اصغر حسین نوراللہ مرقدہ (سابق محدث دارالعلوم دیوبند) ◦ حضرت مولانا انور شاہ کشمیری نوراللہ مرقدہ (سابق شیخ الحدیث، دارالعلوم دیوبند) ◦ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن نوراللہ مرقدہ (سابق مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند) ◦ حضرت مولانا یسین نوراللہ مرقدہ (سابق مدرس، دارالعوم دیوبند) ◦ حضرت مولانا اعزاز علی نوراللہ مرقدہ (سابق شیخ الادب والفقہ دارالعلوم دیوبند) ◦ عارف باللہ حضرت مولانا عابد حسین نوراللہ مرقدہ (یکے از بانیان دارالعلوم دیوبند) ◦ حضرت مولانا قاری طیب نوراللہ مرقدہ (سابق مہتمم دارالعلوم دیوبند) ◦ مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع نوراللہ مرقدہ ◦ حضرت مولانا احمد رضا خان نوراللہ مرقدہ ◦ حافظ الحدیث حضرت مولانا عبداللہ درخواستی نوراللہ مرقدہ ◦ حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ نوراللہ مرقدہ ◦ حضرت مولانا محمد ہاشم نوراللہ مرقدہ (والد محترم حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ) ◦ حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی مدظلہ

پی ڈی ایف کے لئے لنک پر جائیں۔

https://bit.ly/3nTdnXj https://bit.ly/3MuuOrq

روحانی دکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 042-35420586
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop

دشمن کے لیے روحانی اعمال

حجۃ الاسلام امام محمد غزالی رحمۃ اللہ

جب دشمن مغرب کی طرف سے حملہ آور ہو

تو ایک کالا نر بکرا لو۔ پھر اس کو لشکر کے بیچ میں ذبح کرو اور بکرے کو دشمن کے آنے سے پہلے ہٹا دو۔ اور یہ آیت تلاوت کرو وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ (التوبہ:۴۶) چار (4) مرتبہ۔ اس کے بعد نہ کہیں چلو پھرو اور نہ کھڑے ہو، دشمن ہلاک ہو جائے گا۔

جب دشمن سہیل ستارہ کی طرف سے حملہ آور ہو

تو ایک ایسی بکری لو جس کا بعض رنگ کالا اور کچھ رنگ سفید اور کچھ سرخ ہو اور اس کو پتھر کی ہانڈی کے اوپر ذبح کرنے سے پہلے ہانڈی پر یہ آیت پڑھو: قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَاۤ اِلَّاۤ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۗ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖۤ اَوْ بِاَيْدِيْنَا (التوبہ:۵۲) ایک (1) مرتبہ۔ پھر قبر جیسا گڑھا کھودو اور بکری کو کالے رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دو اور اس کی نماز جنازہ پڑھو۔ جب نماز جنازہ سے فارغ ہو جاؤ تو لشکر کو تین (3) مرتبہ حکم دو چڑھائی کرنے کا حتی کہ دشمن کو شکست ہو جائے۔ اس کے بعد لشکر کہے: وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ چار (4) مرتبہ۔ اس کے بعد لشکر قتال کی جگہ بیٹھ جائے اور سورۃ تین چار (3،4) مرتبہ پڑھے۔

دشمن میں پھوٹ ڈالنا

جب تم دشمن کو متفرق کرنے کا ارادہ کرو تو کتے کا سر اور اس کے دو (2) پاؤں لے لو یا خرگوش کا سر اور اس کے دو (2) پاؤں اور اس کو آگ میں ڈال دو، یہاں تک کہ وہ کوئلہ ہو جائیں۔ پھر اس کو باریک پیسو اور بندر کے خون سے ملاؤ۔ پھر ان کو ایک (1) کپڑے میں باندھ کر دشمن کے شہر میں بائیں جہت میں پھینک دو تو وہ اللہ عزوجل کے حکم سے متفرق ہو جائیں گے۔

دشمن اور لشکر میں تفریق کر دینا

زعفران سے کسی چیز پر لکھو۔ شرط یہ ہے کہ لکھنے والے نے صاف ستھرے کپڑے پہنے ہوئے ہوں۔ لکھنا یہ ہے:

سورہ تَبَّتْ يَدَاۤ اَبِيْ لَهَبٍ آخر تک حرف حرف کر کے۔ پھر لکھو: اَللّٰهُمَّ فَرِّقْ شَمْلَهُمْ كَمَا فَرَّقْتَ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَ زَلْزِلْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ وَالْقِ بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔ مندرجہ ذیل آیات مٹی پر پڑھو اور لشکر کے درمیان میں پھینک دو تو دشمن تتر بتر ہو جائے گا اور کبھی جمع نہ ہو سکے گا۔ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۙ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَاۤ اَمْتًا ۗ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا (طٰہٰ:۱۰۶-۱۰۸) اور پھر بسم اللہ اور وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا الگ الگ حروف کے ساتھ اور وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ (المرسلات:۴۹-۵۰) مٹی پر لکھ دو۔

لشکر کو دشمن کی طرف روانہ کرنا

جب تم لشکر کو دشمن کی طرف روانہ کرنے کا ارادہ کرو تو شریک کاروں میں کسی بھی قوم کے اگلے آدمی کے سامنے دشمن کی طرف رخ کر کے کھڑے ہو جاؤ اور پڑھو فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ آیت (آل عمران:۱۷۴) پچیس (25) مرتبہ۔ پھر قوم کے پیچھے چلے جاؤ اسی طرح اور پڑھو، اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا (المومنون:۱۱۵) پچیس (25) مرتبہ۔

مقالہ فلسفہ عملیات و وظائف

از: پیر صوفی الشاہ محمد انور ندیم علوی قادری (حویلی لکھا)

(نائب سجادہ نشین: دربار عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ علوی قادری)

(ناظم اعلیٰ: ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان۔ حویلی لکھا ضلع اوکاڑا)

عملیات اور وظائف کا اثر کس طرح ہوتا ہے؟

عمل کس طرح جاری ہوتا ہے؟

موکلات، جنات اور فرشتے کیوں اور کیوں کر عاملین کے تابع اور زیر فرمان بن جاتے ہیں؟

اور عاملین کی تحریر اور گفتار کس طرح اثر کرتی ہے؟

اور کس طرح ایک عالم ان کا مسخر ہو جاتا ہے؟

یہ ایک بہت ہی مشکل، طویل، پیچیدہ اور وضاحت طلب بحث ہے۔ کوئی بڑے سے بڑا عالم، عامل، فلسفی، ماہر علم النفس، جفار بھی ان سوالات کا مکمل، حتمی، قطعی، تسلی بخش اور واضح جواب نہیں دے سکتا۔ تاہم اب تک اس سلسلے میں جو وضاحتیں ہو چکی ہیں اور جو معلومات فراہم ہوئی ہیں۔ ان کی روشنی اور کچھ اپنے معلومات و مشاہدات اور تجربات نیز قدیم اساتذہ عظام اور بزرگان کی معروف کتب کے عمیق مطالعہ جن میں ''فیضان الجفر الآثار''، ''فصوص الحکم''، ''فتوحات مکیہ''، ''حق نمائے''، ''عقل بیدار''، ''عرفان''، ''الہامات''، ''سرچشمہ حیات'' اور ''منبع اصول الحکمۃ'' کا کامل سہارا لے کر ہم اس مشکل مسئلے کی وضاحت کرنے کی کوشش کریں گے۔

اسلامی عقائد اور نظریات کے مطابق قرآنی آیات اور اسمائے الٰہی کا ورد کرنے سے ایک ایسا نور پیدا ہوتا ہے جو رُوحانی مخفی مخلوق، نیک ارواح اور رُوحانی موکلات کی غذا اور خوراک ہے۔ جب کوئی شخص کثرت سے قرآنی آیات اور اسمائے الٰہی کا ورد کرتا ہے تو نتیجہ کثرت کے ساتھ نور پیدا ہوتا ہے۔ اور اس نور کو بطور غذا حاصل کرنے کی خاطر رُوحانی مخفی مخلوق، ارواح طیبہ اور رُوحانی موکلات ورد کرنے والے فرد کے پاس پہنچتے ہیں اور بدلے میں اس شخص کی امداد اور خدمت کرتے ہیں۔ اور جب وہ شخص ورد پر مداومت اور استقامت اختیار کرتا ہے تو یہ رُوحانی مخلوق اس کی مستقل معاون، مددگار اور خادم و تابع ہو جاتی ہیں۔ اور عوام کے دِل و دماغ میں عامل کی طرف رغبت و میلان اور خدمت و فرماں برداری کے جذبات اور خیالات پیدا کرتی ہیں۔ جس کی وجہ سے عوام کا اس فرد کی طرف رجوع ہوتا ہے۔ اور وہ مرجع و مخدوم خلائق بن جاتا ہے اسی کا نام تسخیر اور رُوحانی قوت ہے۔

قانون اول

ایک نظریہ یہ بھی ہے اور احادیث کے مطابق ہے کہ کثرت ذکر سے آدمی اللہ تعالیٰ کے اس قدر قریب ہو جاتا ہے کہ اللہ اس کی آنکھیں، اس کی زبان، اس کے کان اور اس کے ہاتھ، پاؤں بن جاتا ہے۔ وہ اللہ کی اجازت سے دیکھتا ہے۔ اللہ کی زبان سے بولتا اور اللہ کی سماعت سے سنتا ہے۔ اس کی گرفت اور نشست و برخاست اللہ کی گرفت اور نشست و برخاست بن جاتی ہے۔ وہ بے کراں، آفاق گیر سماعت، خدائی بصارت اور رحمانی نطق و گویائی کا مالک بن جاتا ہے۔ ایسی حالت میں اس کے لیے کوئی کام مشکل نہیں ہوتا۔ اور وہ غالب و کار آفریں، کارکشاء، کارساز اور بندہ مولا صفات بن جاتا ہے۔

حدیث قدسی ہے کہ

''میرا بندہ کثرت نوافل سے میرے اس قدر قریب آجاتا ہے کہ میں اس کی بصارت بن جاتا ہوں، وہ مجھ سے کلام کرتا ہے میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں، وہ مجھ سے گرفت کرتا ہے اور جب وہ مجھ سے کوئی سوال کرتا ہے تو میں اسے ضرور دیتا ہوں۔''

پورا عالم اس کا مسخر اور تابع فرمان بن جاتا ہے۔ فرشتے، ارواح طیبہ، جنات اور ملائکہ اس کے تصرف میں ہوتے ہیں۔ اور تمام مخلوقات پر اس کا حکم چلتا ہے۔ اور یہ شان ہے اولیاء اللہ کی اور یہ شان ہے بزرگان دین کی۔

قانون دوم

ایک نظریہ یہ ہے کہ بندہ جس صفت سے اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے یعنی عامل اللہ تعالیٰ کے جس صفاتی نام کا ورد کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُسی صفت کے ساتھ اس بندے کی طرف متجلی اور متوجہ ہوتا ہے۔ اور کائنات میں موجود اور پھیلی ہوئی صفت اور اس صفت کی قوت بقدر ظرف اور حسبِ استعداد اس بندے میں سما جاتی ہے اور وہ عامل اس قوت کو استعمال کرتا اور اس سے کام لیتا ہے۔ اور اس صفت اور اس قوت کا اس سے صدور اور اجراء ہوتا ہے۔ اگر عامل اللہ تعالیٰ کی صفات جلال کا حامل اور مظہر بن جاتا ہے اور اگر جمالی اسماء کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ کی صفات جمال کا حامل اور مظہر بن جاتا ہے۔ اور پھر اس سے اُن صفات کا عملی طور پر ظہور و صدور ہوتا ہے۔ جلالی صفات کے حامل تباہی اور بربادی کے سامان پیدا کرنے اور اعداء کی ہلاکت اور مقہوری وعداوت کے امور میں یدطولیٰ رکھتے ہیں۔ اور جمالی صفات کے حامل الفت، محبت اور تسخیر میں کمال حاصل کر لیتے ہیں۔

قانون سوم

ایک نظریہ یہ ہے کہ جب بھی اور جس عہد و زمانے میں بھی اللہ تعالیٰ کی برگزیدہ ہستیوں کو کوئی مشکل اور ضرورت پیش آئی ہے اور انہوں نے اللہ تعالیٰ سے جن الفاظ میں دُعا اور مدد مانگی ہے۔ یا جن دُعائیہ اور ذکر کے الفاظ سے ان کو کوئی کمال یا کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ ان قرآنی الفاظ اور دُعاؤں کو انہی مشکلات کے حل اور کامیابی کے لیے پڑھا جائے۔ تو ان کے پڑھنے سے اسی شانِ نزول کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور وہ مشکلات حل ہو جاتی ہیں۔ اور جس کمال اور جس قسم کی کامیابی کے حصول کے لیے ان بزرگوں نے ان الفاظ کو پڑھا اور دہرایا تھا۔ اسی قسم کے کمال اور کامیابی کے حصول کے لیے اگر ان کو پڑھا اور دہرایا جائے تو وہی کمال اور وہی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ مثلاً حضرت سلیمان علیہ السلام نے دُعا مانگی کہ

"قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ" (سورہ ص:35)

ترجمہ: "(اور) دُعا کی اے پروردگار مجھے مغفرت کر اور مجھ کو ایسی بادشاہی عطا کر کہ میرے بعد کسی کو شایاں نہ ہو۔ بیشک تو بڑا عطا فرمانے والا ہے۔"

اگر کوئی شخص اسی دُعا کو بطور وظیفہ پڑھے یا صرف اسم باری تعالیٰ (وہاب) کا وظیفہ کرے تو وہ بخت و تختِ سلیمانی میں حصہ دار ہوتا ہے۔ اور اسے اپنے ماحول اور حالات کے مطابق تسخیر خلائق اور عزت و دولت حاصل ہوتی ہے۔

دوسری مثال جب حضرت زکریا علیہ السلام نے پکارا کہ "وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ"

"اور زکریا (کو یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ پروردگار مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہترین وارث ہے"۔ (سورہ الانبیاء:89)

حضرت زکریا علیہ السلام کی دُعا قبول ہوئی اور ان کو اللہ تعالیٰ نے نیک فرزند یحییٰ عطا فرمایا۔

اگر کوئی شخص اولادِ نرینہ کے لیے یہ دُعا پڑھے، اس کو دم کر کے دے یا اس کا تعویذ یا نقش لکھ کر دے تو اس کے اثر سے وہی شانِ نزول رونما اور ظاہر ہوتی اور عود کر آتی ہے۔ اولاد کی دعا قبول ہوتی ہے اور صاحب دُعا صاحب اولاد ہو جاتا ہے۔ اس قسم کی سینکڑوں دُعائیں قرآن میں موجود ہیں۔ اور اس قانون کے تحت ہم نے فیض حاصل کیا ہے اور سینکڑوں افراد کو اس قانون کے تحت دم کیا، تعویذات و نقوش تیار کر کے دیئے۔ بحکم اللہ تعالیٰ سینکڑوں افراد کو فیض حاصل ہوا ہے اور ہو رہا ہے۔

بات ہے غور و فکر کی ----- بات ہے یقین و اعتقاد کی ----- کامل یقین و اعتقاد ہی ایمان کا دوسرا نام ہے۔

مگر ہم نے اکثر لوگوں کو دیکھا ہے مارے مارے پھرتے ہیں۔ پوچھو تو کہتے ہیں ----- میں نے فلاں عمل کیا ----- فلاں آیت کو اکیس (21) یوم پڑھا ----- فلاں سورۃ کا وظیفہ کیا۔

فلاں اسم کا عمل کیا مگر ناکام رہا ہوں۔ کامیابی نہیں ہوئی۔ بلکہ پریشانیاں پہلے سے زیادہ ہوگئی ہیں۔ کیوں؟ ایسا کیوں کر ہوسکتا ہے؟ جب کہ قرآن پاک میں آتا ہے کہ "وَقَالَ رَبُّکُمُ ادْعُونِیٓ أَسْتَجِبْ لَکُمْ"

''تمہارا رب فرماتا ہے مجھے پکارو میں تمہاری دُعا قبول کروں گا۔'' (المومن:60)

آیئے ہم آپ کو بتاتے ہیں۔ انسان کا تصور دراصل انسان میں خدائی قوت کا کرشمہ ہے۔ خدائی رُوح ایک دنیا کا تصور کرتی ہے تو وہ دنیا بن جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کا تصور کیا اور کائنات بن گئی۔ یعنی اس نے کہا ''کن'' (ہوجا) تو سب کچھ اس کے تصور کے مطابق ہوگیا ''فیکون''۔ ہم بھی اسی خدائی اصول پر عمل کر کے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ کیونکہ ہم بھی اصل میں اس لامحدود قوت اور عقل والی عالمی رُوح کا ایک جز و ہیں۔ اس عالمی قوت اور ذہن کا طریقہ یہ ہے کہ اس نے کہا ہو جا اور ہو گیا۔

لہٰذا اس کے خلیفہ انسان میں جب یقین کامل پیدا ہوتا ہے تو تصور کرتے ہی اس کی ہر خواہش پوری ہو جاتی ہے ثابت ہوا، جو لوگ عملیات و وظائف میں ناکامی کا رونا روتے ہیں۔ ان میں بے یقینی، بے اعتقادی اور شک کا عنصر ہوتا ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ

''جو کچھ انسان اپنے دِل میں پختہ طور پر سوچتا اور تصور کرتا ہے وہی بن جاتا ہے۔''

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ

''جب تم دُعا کرو تو یقین رکھو کہ وہ قبول ہوگئی ہے۔ اور وہ قبول ہو جائے گی''

صحیح مسلم شریف میں یہ الفاظ ہیں کہ:

''اپنے رب سے بڑے وثوق کے ساتھ سوال کرو، کیونکہ اس کے سامنے کوئی چیز بڑی نہیں''

اگر اسی تصور کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کے صفاتی اسماء کو بطور ورد پڑھا جائے تو سونے پہ سہاگے کا کام ہوتا ہے۔ اور پھر تصور بالکل جادوئی چراغ اور طلسم ہوشربا کی طرح کام کرتا ہے۔ اور اس سے کرامات اور خوارق العادات کا ظہور ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے صفاتی اسماء دو طرح کے ہیں۔ اول جلالی، دوم جمالی۔ جمالی اسماء اللہ پاک کی رحمت، بخشش، مغفرت، عطاء، شفاء، خیر وبرکت، صحت وسلامتی، راحت، ستائش، اطمینان، سکون، امن وتحفظ، عزت وعظمت، محبت والفت اور تسخیر وغیرہ سے متعلق ہیں۔

اور جلالی اسماء تباہی وبربادی، ہلاکت وموت، غلبہ ودہشت، ذلت ورسوائی، انتقام ودشمنی، قہر وغضب، عذاب وتکلیف اور بیماری وغیرہ سے متعلق ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے جمالی اسماء زیادہ اور جلالی اسماء کی تعداد کم ہے۔ جمالی اسماء کا مخصوص تعداد میں ورد کر کے متعلقہ امور کی دُعا اور طلب کریں۔ اور پھر تصور میں ان امور کی تکمیل کا پورا نقشہ مسلسل اور بار بار جمائیں اور اسے دہراتے رہیں۔ اور اس وقت تک عمل جاری رکھیں جب تک مطلوبہ مراد اور خواہش پوری نہیں ہو جاتی۔ آپ ایسا کریں گے تو یقیناً کامیابی ہوگی۔ اوراد کی مخصوص تعداد اور تواتر کا یہی راز اور فلسفہ ہے۔

کسی کو مالی پریشانی ہو تو اسم "غنی، مغنی، رزاق، وھاب" وغیرہ کا مخصوص تعداد میں مخصوص وقت تک ورد اور ذکر کرے۔ پھر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اور جتنا اور کچھ مطلوب ہے۔ تصور میں اس کا مکمل نقشہ قائم کرے۔ محبت، الفت اور تسخیر کے لیے اسم "ودود، بدوح، لطیف، عزیز" کا ورد کرے۔ اور مطلوبہ امور کا نقشہ جمائے اور تصور میں اس کی تکمیل دیکھے۔ امن وسلامتی اور حفاظت کے لیے اسماء باری تعالیٰ میں سے "مومن، سلام، حفیظ" مخصوص ہیں۔ جلالی اسماء کا ورد کر کے اس سے متعلقہ امور میں دُعا اور طلب کریں۔ اور پھر تصور میں ان امور کی تکمیل کا مسلسل اور بار بار نقشہ جمائیں اور اسے دہراتے رہیں۔ تو مطلوبہ مرادوں اور خواہشوں کے حصول میں دیر نہیں لگے گی۔ کسی کا کوئی دشمن ہے اور اس پر غلبہ مقصود ہے یا اس کی ہلاکت اور تباہی مطلوب ہے۔ تو اسم "جبار، قھار، ممیت، قابض، منتقم" وغیرہ کا معین تعداد میں مخصوص طریقہ اور خاص وقت تک ورد کریں۔ دُعا مانگیں اور پھر جس طرح اور جس (بقیہ ص 54)

دار العمل چشتیہ فلاحی مرکز

عبادت بھی خدمت بھی

اپنے مرحومین کو قربانی کا ثواب پہنچائیں

اپنی خوشیوں میں غریب، نادار اور ضرورت مندوں کو بھی شریک کریں۔

قربانی کا گوشت چترال کے مفلس و نادار لوگوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

Share Happines with
Needy Humanity

الحمد للہ دار العمل چشتیہ نے گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی وقف قربانی کا انتظام کیا ہے۔ ہوشربا مہنگائی کی وجہ سے ایک بہت بڑا طبقہ قربانی کی سنت سے محروم ہو چکا ہے۔ اس لئے علمائے کرام کی زیر نگرانی چترال کے پسماندہ دیہی علاقے میں اپنی قربانی عطیہ کیجئے۔

(وقف قربانی) 1444ھ-2023ء

گائے (ادنیٰ) فی حصہ: 8000

گائے (متوسط) فی حصہ: 9000

Jazz Cash
ALI Maqbool Ahmad-03094060949
Meezan bank
ALI Maqbool Ahmad-0246-0102070688

درج ذیل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا کر اس نمبر پر واٹس ایپ کیجئے۔

0309-4060949 ,042-35410586

قربانی کی رسید اور ویڈیو آپ کو واٹس ایپ کی جائے گی۔

آپ کی دعاؤں اور تعاون کا منتظر: علی مقبول احمد

586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور

دار العمل چشتیہ کی شائع کردہ کتب جو ہر گھر کی اہم ضرورت ہیں

1. **لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل** ہر قسم کے موذی، مہلک، جان لیوا اور لاعلاج امراض سے شفاء پانے کیلئے یقین اور اعتماد کے ساتھ اس قرآنی عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ عمل اللہ کے غیبی خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ اس کی عام اجازت ہے۔
قیمت: 50 روپے

2. **شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص قرآنی عمل** قیمت: 100 روپے
اس عمل کا دم کرنے سے شیطان و آسیب مریض کو چھوڑ کر فوراً راہ فرار اختیار کرتے ہیں۔

3. **شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص قرآنی عمل** قیمت: 100 روپے

4. **منزل (فی سبیل اللہ)** منزل جسمانی بیماریوں کیلئے بھی ایک تیر بہدف عمل ہے۔

5. **یٰسین شریف (فی سبیل اللہ)** اس کی تلاوت کرنے سے حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔

6. **اللہ اکسیر عمل قرآنی** ان آیات کا ہر حاجت و مشکل میں پڑھنا حصول مدعا و مقصود کیلئے اکسیر ہے۔ ہر مقصد کے یقینی حصول کیلئے لاجواب عمل۔
قیمت: 40 روپے

شعبہ نشر و اشاعت 0322-4773786, 042-35410586
darulamal.org/publications, info@darulamal.org

پاکستان کے ان جری اور بہادر سپوتوں کے نام جنہوں نے دہشت گردی کی طویل جنگ میں اپنی جانیں اللہ کی راہ میں بہادری سے لڑتے ہوئے وطن عزیز پر قربان کر دیں

معرکہ بڈھ بیر کا ہیرو

عزم و ہمت کی معرکتہ الآرا داستان

تصنیف: پروفیسر محمد ظہیر قندیل | صفحات: 300 | قیمت: 450 روپے

☆خوش گفتار ☆کہاں میں کہاں یہ مقام، اللہ اللہ ☆بھلا تھا کتنا بچپن اپنا ☆کیڈٹ کالج حسن ابدال ☆فخر اٹک کا باضابطہ خطاب ☆پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول ☆اعزازی شمشیر ☆بہاول پور میں قیام ☆کوئٹہ میں انفنٹری کورس ☆جنوبی وزیرستان، رزمک، کھڑا منزہ ☆یو این مشن لائبیریا اور سیاحت یورپ ☆گوجرانوالہ اور فیصل آباد ☆مڈکیریئر کورس نوشہرہ ☆102 بریگیڈ پشاور ☆معرکہ بڈھ بیر کا ہیرو ☆شہادت، جنازہ، تدفین اور خیابان اسفند ☆خانوادہ اسفند ☆عزیز و اقارب اور دیگر شخصیات کے تاثرات ☆جواہر ریزے ☆منظوم خراج تحسین ☆چند اخبارات کے تراشے اور اسناد ☆کپتان اسفند کے کارہائے نمایاں و دیگر مختصر موضوعات

M.N. Bookstore 0309-7772770 0316-7779370
mnbookstorepk 0306-7772770 (Ufone)
mnbookstorepk.com info@mnbookstorepk.com

عارفی پرفیومز میں دستیاب عربی، انڈین عطر اور فرنچ پرفیوم آئل کی تفصیل https://bit.ly/3jnD8K8

مقالہ: کینسر کے اسباب و علامات اور روحانی وجسمانی علاج

از: صوفی ضیاء الرحمن شاہ (راولپنڈی)

مئی ۲۰۲۳ء کے شمارے میں مضمون کا پہلا حصہ شائع کیا گیا تھا۔ اب دوسرا اور آخری حصہ ملاحظہ فرمائیں۔

3 اپنی خوراک میں چربی اور کولیسٹرول کی مقدار کم کریں:

کم چربی والی غذا چھاتی، آنتوں اور مردوں میں پراسٹیٹ غدود کے کینسر سے محفوظ رکھتی ہے اور کولیسٹرول سے پاک یا کم مقدار میں کولیسٹرول والی غذا دل کی بیماریوں سے بچاتی ہے۔

4 نشاستہ والی اور ریشے دار غذا کھائیں:

روزمرہ کی خوراک میں نشاستہ والی اور ریشے والی غذائیں مثلاً پھل، سبزیاں، آلو، چپاتی، اناج، پھلیاں وغیرہ کا استعمال زیادہ ہونا چاہیے۔ زیادہ ریشے دار غذا کھانے سے بڑی آنت کے کینسر کا خطرہ بالکل نہیں رہتا۔

وٹامن اور سبزیاں

وٹامن اے اور وٹامن سی والی غذا کینسر کے خطرے کو کم کرتی ہے، جب کہ وٹامن اے کی کمی سے کینسر ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ وٹامن اے اور سی مختلف سبزیوں اور پھلوں میں موجود ہوتا ہے۔ گوبھی، پھول گوبھی، شلغم، بینگن، کدو وغیرہ سبزیاں بھی مختلف قسم کے کینسر سے بچاتی ہیں۔ ان سبزیوں میں ریشہ اور وٹامن کے علاوہ معدنیات کی مناسب مقدار موجود ہوتی ہے، اس لیے ان سبزیوں کا استعمال بہت ضروری ہے۔

کینسر سے بچاؤ کی آسان تجاویز

اچھی صحت کے لیے اچھی غذا بہت ضروری ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ صحت مند اور تندرست و توانا رہنے کے لیے باقاعدہ ورزش، مناسب وزن، کچھ عرصے کے بعد مکمل طبی معائنہ وغیرہ بھی لازمی ہیں۔ اس کے علاوہ کینسر سے بچاؤ کے لیے آسان تجاویز درج ذیل ہیں:

ریشے دار غذاؤں کے حصول کے لیے زیادہ سے زیادہ سبزیاں اور پھل استعمال کیجیے۔

چربی والی غذا کم سے کم استعمال کریں۔

شراب کا استعمال بالکل نہ کریں۔

غیر ضروری طور پر ایکس ریز (X-Rays) کروانے سے پرہیز کریں۔

اچھی صحت کے حصول کے لیے اچھی غذا کے ساتھ ساتھ صحت مند رہنے کے دوسرے اصولوں پر بھی عمل کریں۔

زیادہ دھوپ اور گرمی سے اپنے آپ کو بچائیں۔ سگریٹ نوشی سے مکمل پرہیز کریں۔

چینی کے زیادہ استعمال سے بچیں:

زیادہ ''چینی'' والی غذائیں استعمال کرنے سے دانتوں کے انفیکشن کے ساتھ ساتھ موٹاپے کا خطرہ بھی ہوتا ہے کیونکہ ایسی غذائیں زیادہ چربی والی ہوتی ہیں اور ان میں معدنیات اور وٹامن بہت کم ہوتے ہیں۔

نمک کا استعمال کم کیجیے:

جن لوگوں کے خاندان میں بلڈ پریشر کا مرض ہو ان میں زیادہ ''نمک'' کے استعمال سے بلڈ پریشر کا خطرہ بہت بڑھ جاتا ہے اور بلڈ پریشر سے دل کی بیماریاں، فالج اور گردوں کی خرابی کے مرض پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس لیے خوراک میں زیادہ نمک کے استعمال سے بچنا چاہیے۔

سگریٹ نوشی اور شراب کا استعمال ترک کر دیجیے:

شراب کے استعمال سے منہ، گلے، خوراک کی نالی اور جگر کا کینسر ہونے کے امکانات بہت بڑھ جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ سگریٹ نوشی سے پھیپھڑوں کے کینسر کا خطرہ ہوتا ہے اس لیے صحت مند رہنے کے لیے ضروری ہے کہ شراب نوشی اور سگریٹ نوشی سے پرہیز کیا جائے۔

چربی (Fats) سے بچیں:

زیادہ چربی والی غذا سے بڑی آنت، چھاتی، پراسٹیٹ اور بچہ دانی کے کینسر کا خطرہ بڑھ جاتا ہے اور کم چربی والی غذا نہ صرف ان خطرات سے بچاتی ہے بلکہ وزن کنٹرول کر کے ہارٹ اٹیک اور فالج وغیرہ کے خطرے کو بھی دور کرتی ہے۔ ایک عورت کو روزانہ عموماً 1600 کیلوریز والی غذا کی ضرورت ہے اور ایک مرد کی روزانہ ضرورت 2400 کیلوریز ہے۔ کیلوریز کا تقریباً 30 فیصد حصہ چربی والی خوراک سے آنا چاہیے۔ اس سے زیادہ چربی ہونا نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ اپنی خوراک میں چربی کی مقدار کم کرنے کے لیے بغیر چربی والا گوشت استعمال کیجیے۔ مرغ وغیرہ کا گوشت استعمال کرنے سے پہلے اس پر سے جلد اور چربی اچھی طرح صاف کر لیں۔

مچھلی پکانے سے پہلے اسے اچھی طرف صاف کر لیں۔ گوشت میں پروٹین اور دوسرے اہم معدنی اجزاء مثلاً زنک، آئرن وغیرہ ہوتے ہیں جن کا خوراک میں ہونا بہت ضروری ہے۔ اس کے علاوہ ڈیری کی ایسی چیزوں کا انتخاب کریں جن میں کم سے کم چربی ہو۔ ان چیزوں میں پروٹین، وٹامن اور کیلشیم وغیرہ شامل ہیں۔ گوشت کو اس طریقے سے پکائیں یا روسٹ کریں کہ اس سے چربی خود بخود اتر جائے۔ اس کے علاوہ پکانے کے لیے چربی کا استعمال بالکل نہ کریں اور کھانے میں نمک کم ڈالیں۔

کینسر کا روحانی علاج

فرمانِ مصطفیٰ ﷺ ہر بیماری کی دوا ہے، جب دوا بیماری تک پہنچا دی جاتی ہے تو اللہ پاک کے حکم سے مریض اچھا ہو جاتا ہے۔

(1) حضرت سیدنا علامہ علی بن سلطان قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب اللہ کریم کسی بیمار کی شفاء نہیں چاہتا تو دوا اور مرض کے درمیان ایک فرشتے کے ذریعے آڑ کر دیتا ہے جس کی وجہ سے دوا مرض پر واقع نہیں ہوتی، جب شفاء کا ارادہ ہوتا ہے تو وہ پردہ ہٹا دیا جاتا ہے جس سے دوا مرض پر واقع ہوتی ہے اور شفاء ہو جاتی ہے۔

(2) معلوم ہوا کہ اللہ پاک چاہے گا تو ہی شفاء ملے گی۔ حدیثِ پاک سے اس قول کا بھی رد ہو گیا کہ کینسر یا فلاں بیماری لاعلاج ہے۔ کینسر ہو یا کوئی اور بڑی بیماری ان سب کیلئے بہت سی قرآنی سورتیں موجود ہیں۔ جن میں سرفہرست سورہ فاتحہ یعنی الحمد شریف ہے۔ جس کو پیارے پیغمبر حضور نبی رحمت ﷺ نے **ام الشفا** کہا ہے یعنی تمام شفاؤں کی ماں۔ اب ان شاء اللہ اپنے ذاتی مجربات اور مختلف قرآنی سورتوں، آیات اور اسماء الحسنہ سے کینسر زدہ مریضوں کی شفایابی کے مجرب اعمال آپ حضرات کی خدمت میں پیش کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔

(1) سورۂ فاتحہ

سورۂ فاتحہ سے شفایابی کیلئے ہر نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان 28 بار درود ابراہیمی اور درمیان میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے آخری میم کو سورۂ فاتحہ کے لام سے ملا کر پوری سورۂ فاتحہ 48 بار پڑھ کر پانی۔ شہد، کلونجی، ہلدی اور مریض کی ادویات پر اور مریض پر دم کیا جائے اس طرح کہ آپ کے سانس کی نمی بھی پھونک کر ساتھ شامل ہو۔

(2) سورۂ مریم

اول آخر 11 بار درود ابراہیمی اور درمیان میں سورۂ مریم 7 بار پڑھ کر پانی پر، مریض پر، ادویات م کر دیا جائے، حسب ضرورت مزید پانی ملاتے رہیے، مریض وہی پانی سارا دن پیے۔

(3) سورۃ الرحمن

سورۃ الرحمن کسی بھی طرح لکھ کر آب زمزم میں یا بارش کے پانی میں یا پھر باامر مجبوری مسجد کے سات (7) نلکوں کا پانی لے کر اس میں اس پیپر یا پلیٹ کو دھو لیا جائے پھر اس پر 7 بار سورۃ الرحمن پڑھ کے مریض پر، پانی پر اور ادویات پر دم کر دیا جائے۔

4 سورۂ یاسین

اول و آخر 7 بار درود ابراہیمی درمیان میں اس ترتیب سے سورۂ یاسین پڑھی جائے کہ جہاں پر لفظ مبین آئے وہاں رک کر سلام قولا من رب رحیم 48 بار اور یا بدیع العجائب بالشفاء 101 بار پڑھ کے پھر آگے سورۃ مکمل کی جائے مریض پر آب زمزم یا بارش کے پانی پر ادویات پر دم کیا جائے۔

5 سورۂ الم نشرح

اول و آخر درود ابراہیمی 45 بار درمیان میں سورۂ الم نشرح پوری 45 بار خلوص کے ساتھ پڑھ کر مریض۔ آب زمزم۔ بارش کے پانی اور ادویات پر پڑھ کے دم کر دیں۔ اس کے بعد وہ پانی مریض کو پلائیں۔ بہت مجرب عمل ہے۔

6 معوذتین

معوذتین یعنی سورۃ الفلق اور سورۂ والناس ہر نماز کے بعد اول و آخر 11 بار درود ابراہیمی درمیان میں 41 بار پڑھ کے سابقہ طریقہ کے مطابق استعمال کروایا جائے۔

7 قرآنی آیات اور اسماء الحسنی

آیت مبارکہ: اَلَا یَعۡلَمُ مَنۡ خَلَقَ ۔ وَهُوَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ۔

2022 بار اول آخر 11 بار درود شریف (پڑھ کر کینسر کے مریض پر دم کیجئے۔

قرآن حکیم میں چھ (6) جگہوں پر آیات شفاء آئی ہیں۔

1 وَیَشۡفِ صُدُوۡرَ قَوۡمٍ مُّؤۡمِنِیۡنَ

2 وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوۡرِ

3 شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُهٗ فِیۡهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

4 وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ

5 وَاِذَا مَرِضۡتُ فَهُوَ یَشۡفِیۡنِ

6 قُلۡ هُوَ لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا هُدًی وَّ شِفَآءٌ

اول و آخر 21 بار درود شریف درمیان میں 41 بار ان آیات شفاء کو پڑھ کر دم کیا جائے۔

یَا رَقِیبُ 100 بار (اول آخر درود شریف) پڑھ کر کینسر کے مریض پر دم کیجئے، اگر زخم ہو، اگر کینسر کا زخم جسم کے اندرونی حصے یا پردے کی جگہ ہو تو زخم کی جگہ پر کپڑے کے اوپر دم کر دیجئے۔ اگر جسم کے باہر زخم ہے تو روغن زیتون میں کچھ ہلدی ملا کر دم کر دیجئے اور وہ تیل مریض زخم پر لگاتا رہے، ان شاء اللہ زخم صحیح ہو جائے گا۔

بیری کے درخت کے 7 سبز پتے لے کر انہیں کوٹ لے، پھر انہیں پانی میں ملا کر آیۃ الکرسی اور چار قل (یعنی سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس (پڑھ کر دم کرے، پھر اس پانی سے 3 گھونٹ پی کر بقیہ سے غسل کرے تو ان شاء اللہ عزّ وجل کینسر کی بیماری دور ہو جائے گی۔ اسی طرح یہ چند آیات کا مجموعہ ہے اگر ان سب کو ملا کر صرف 100 بار روزانہ پڑھ کے دم کر دیا جائے تو بڑی سے بڑی بیماری سے بھی نجات مل جائے گی۔

وہ آیات بینات یہ ہیں:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ

وَاِذَا مَرِضۡتُ فَهُوَ یَشۡفِیۡنِ

وَقُلۡ رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰحِمِیۡنَ

اَمَّنۡ یُّجِیۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکۡشِفُ السُّوۡٓءَ

قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰهِیۡمَ

اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ

اَنِّیۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ

فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ وَنَجَّیۡنٰهُ مِنَ الۡغَمِّ ؕ وَکَذٰلِكَ نُـنۡجِی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ

اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ حَفِیۡظٌ

حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ

آخر میں اللہ پاک کی بارگاہ میں دست بستہ دعا ہے کہ وہ ہم سب کو کینسر کے مرض اور دیگر تمام بیماریوں سے محفوظ رکھے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

بقیہ (ص 9): لاحول کی برکت

پڑھا تھا تو شیطان نے یہاں سے بھاگنے کا راستہ تلاش کیا مگر اسے کوئی راستہ نہیں ملا۔ جب دوسری مرتبہ تم نے لَا حَوْل پڑھا تو آسمان سے ایک آگ نے اتر کر شیطان کو گھیر لیا اور جب تیسری مرتبہ تم نے لَا حَوْل پڑھی تو اس آگ نے شیطان کو جلا کر راکھ کر دیا اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس ملعون سے نجات دے دی۔

خلیفہ ہارون نے نصرانی کی زبانی یہ واقعہ سن کر اس کو آزاد کر دیا اور وہ پانچ سو (500) درہم بھی معاف فرما دیے جن کے عوض اس کو قید کا حکم دیا تھا۔ (قلیوبی)

فائدہ: یہ سب برکت "لا حول ولا قوۃ الا باللہ" کی تھی جس کے پڑھنے سے یہ سب برکت ظاہر ہوئی۔

بقیہ (ص 49): مقالہ: فلسفہ عملیات و وظائف

طریقے سے دشمن پر غلبہ درکار ہو، اسی طرح تصور کر کے مکمل نقشہ جمائیں تو ظاہری دنیا میں اسی طرح واقع ہوگا۔ اگر کسی ایسے ظالم دشمن کی ہلاکت مقصود ہو، جس کی ہلاکت شرعاً جائز ہو تو جس طرح سے اس کو مرتا اور ہلاک ہوتا ہوا دیکھنا چاہتے ہیں اسی طرح کا تصور کر کے نقشہ جمائیں۔ اس کا جنازہ تصور میں دیکھیں۔ اسے قبر میں اترتا ہوا دیکھیں۔ اور اس کے لواحقین کو ماتم کرتا اور روتا ہوا دیکھیں، تو ظاہراً اسی طرح واقع ہوگا۔ اسی طرح دشمن کی شکست، ذلت اور غلامی کے مناظر کا تصور کر کے اسماء اور مخصوص طریقے کو اپنائے اور پورا نقشہ جمائے تو ضرور کامیابی ہوتی ہے۔ (جاری ہے)

عارفی پرفیوم میں دستیاب ایئر فریشنرز کی تفصیل https://bit.ly/36LqsK5

ماہنامہ خزینہ روحانیات
56
جون 2023ء
لوح تکمیل حاجات
اسباب کی اس دنیا میں ہر شخص اپنے سینے میں لاکھوں حسرتیں، امیدیں، آرزوئیں تمنائیں، خواہشات اور حاجات لئے پھرتا ہے اور خواہشات وحاجات بھی ایسی کہ بس "ہر ایک خواہش پر دم نکلے"۔
ضروریات تو ہر ایک انسان کی ہی ہیں، چھوٹی بڑی حاجات کی تکمیل کا شوق بھی ہر شخص رکھتا ہے۔ یہ لوح خاص برائے تکمیل حاجات ہر ایک شخص ہر قسم کی آرزو، تمنا، خواہش، ضرورت، حاجات کے بہت جلدی پورا ہونے کیلئے اسباب کے درجے میں بہت ہی نادر و نایاب اور بہت ہی قیمتی اور سستا روحانی تحفہ ہے۔ لوح بنوایئے اور پھر دیکھئے کہ اللہ کے خاص فضل وکرم سے آپ کی تمام حاجات کتنی آسانی سے اور کتنا ہی جلدی پوری ہوتی ہیں۔ ان شاء اللہ۔
ہدیہ 1100 روپے
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
دارالعمل چشتیہ کی سالہا سال کی مجرب لوح جس نے تجربہ کیا خوب فائدہ اٹھایا
لوح شرف مشتری
اسپیشل دھات پر تیار کردہ
قیمت 3000 روپے
حصول مال و دولت اور اسباب مال وکشائش رزق
مشتری کا دور بارہ سال کا ہوتا ہے۔ ہر شخص کو زندگی کی عام مالی سعادتیں دیتا ہے۔ کاروبار میں منافع لاتا ہے۔ مرد اور عورت کے لئے یکساں مفید، انتہائی سعد اور پُر تاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے۔ یہ مالی امور میں خوش بختی کو اس طرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو۔ اسے پہنئے اور تمنا دل میں قائم کر کے دعا کیجئے، پہنے رہیے۔ ان شاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لیے جو اسباب بھی کریں گے ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا فرمائے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔
اس اقتصادی بدحالی کے دور میں اسے اپنے پاس رکھیئے ورنہ حال کے تقاضوں کے ساتھ نہ چل سکیں گے۔
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
لوح زحل
ہدیہ 3000/- روپے
استحکام وجمعیت کی روحانیت
تسخیر سلطنت وفتوحات نامور حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لیے
ستارہ زحل کو ترفع وتنزل سے منسوب کیا جاتا ہے جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے۔ نحس ہونے کی صورت میں مصائب وآلام، خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہیے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہیں جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں، جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح سے ایک لوح زحل کی بھی ہے جس کے مندرجہ ذیل خواص ہیں:
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
لوح شرف مریخ
لوح شرف مریخ حصول قوت وشجاعت، دل کو قوی کرنا، غلبہ براعداء، دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے اور موذی جانوروں و آسیب سے تحفظ کیلئے موثر ترین ہے۔
لوح شرف مریخ مقدمات میں فتح یابی، دشمنان سے تحفظ اور فتح ونصرت کے لئے بڑی کارآمد ہے۔ جن میاں بیوی میں تفرقہ ہے۔ یا کسی بڑی جماعت میں عرصہ سے دشمنی وخصومت چلی آرہی ہے۔ یا کسی کو کسی دشمن کا خوف واندیشہ ہے۔ یا کسی میدان جنگ یا خطرناک مقام پر جانے کا خوف ہے۔ یا کسی بڑی جماعت پر فتح پانی مقصود ہے اور اس سے حفاظت بھی درکار ہے یا مقدمہ میں فتح پانا ہے تو ان تمام مقاصد کے لیے لوح شرف مریخ نہایت قوی الاثر ہے۔ جس شخص کے پاس یہ لوح ہو گی۔ اس کا مقابلہ کرنے والا ہمیشہ ذلیل وخوار ہو گا اور کبھی غلبہ نہ پا سکے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ امراض میں لقوہ۔ قولنج۔ رعشہ اور بلغمی مزاج کیلئے بھی مفید ہے۔ ان شاء اللہ
ہدیہ 3000 روپے علاوہ ڈاک خرچ
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
روحانی علاج گاہ کی روحانی خدمات کی مکمل تفصیل
http://darulamal.org/ruhaniilajgah

خاص لنگر برائے تکمیل حاجات

(ہر اسلامی ماہ کی پہلی (نوچندی) اتوار کو کیا جاتا ہے)

● ہر قسم کی دینی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی دنیاوی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشرتی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی کاروباری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی روزگاری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی چھوٹی بڑی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی مایوس کن حاجات کی تکمیل کیلئے ● گھریلو امور سے متعلقہ ہر قسم کی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی نوکری، ملازمت وحصول ویزہ، حصول رشتہ وغیرہ کی تکمیل کیلئے

بفضل ربی جس نے بھی جس حاجت کیلئے حصہ ملایا، دعاؤں کا کہا، اس کی تمام مرادیں، تمام حاجات اللہ پاک نے پوری فرمادیں۔

مکمل حصہ: 1700 روپے نصف حصہ: 850 روپے

اس جلد میں آپ کو بے شمار قیمتی مضامین پڑھنے کو ملیں گے۔ چند مضامین درج ذیل ہیں۔

آسیب سے نجات اور حفاظت کے عملیات۔ آسیب کی تسخیر کے اعمال۔ آیات قرآنی برائے دفعیہ اثر جن وآسیب۔ تمام امراض کیلئے تیر بہدف تحفہ۔ سحری بندش اولاد۔ تمام امراض کیلئے تیر بہدف تحفہ۔ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں لانے والے کلمات۔ جادو اور جنات سے نجات کے مجرب اعمال۔ چہل کاف اور تسخیر کے اعمال۔ سورۂ اخلاص کے خادم کی تین (3) روزہ تسخیر۔ عملیات دشمن۔ دشمنوں کو تباہ وبرباد کرنے اور سزا دینے کا خاص عمل۔ مرد اور عورت دونوں کی سحری جنسی بندش۔ خاندان ولی اللہی کے اعمال۔ البرکات المکیۃ فی الصلوات النبویۃ۔ تسخیر جنات کے اعمال۔ درگاہ پر شفایابی کے چند واقعات۔ موذی امراض سے نجات۔ مجرب اعمال شر۔ شادی و نکاح کے نورانی تعویذات۔ جسمانی امراض کے علاج کیلئے نورانی تعویذات۔

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

جون 2023ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ علاج ______

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

042-35420586 | 0342-7772772 | 0324-7772772

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

جون 2023ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ اعمال ______

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

042-35420586 | 0309-7772775 | 0333-7772775

روحانی علاج گاہ کے تمام واٹس ایپ گروپس کی تفصیل https://bit.ly/3ujXbOW

Monthly Khazina-e-Ruhaniyaat
CPL # 288